Paramount

لغت العوام

اردو کے عوامی الفاظ پر مشتمل

نصیر ترابی

نصیر ترابی کے بارے میں

۱۵ جون ۱۹۴۵ء کو حیدرآباد دکن (برٹش انڈیا) میں پیدا ہوئے۔ جامعہ کراچی سے ۱۹۶۷ء میں ابلاغِ عامہ کے شعبے سے ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی۔

ایسٹرن فیڈرل انشورنس میں افسر تعلقات عامہ کی حیثیت سے روزگار کا آغاز ہوا۔ انشورنس کو خیرباد کہنے کے بعد پاکستان نیشنل سینٹر کراچی کی انتظامیہ میں شامل ہوئے۔ ۱۹۷۵ء سے اپنا ذاتی کاروباری سلسلہ شروع کیا جو تا ہنوز جاری ہے۔

اردو کے عوامی الفاظ پر مشتمل

لغت العوام

اردو کے عوامی الفاظ پر مشتمل

لغت العوام

نصیر ترابی

Paramount Books (Pvt.) Ltd.
Karachi | Lahore | Islamabad | Hyderabad | Faisalabad | Peshawar | Abbottabad

لغت العوام

کتاب میں بیان کردہ تمام افکار و خیالات خود مصنف کی ذہنی کوششوں کا نتیجہ ہیں پس پیراماؤنٹ یا اس ادارے سے وابستہ ہر فرد اس سے بری الذمہ ہے۔

پیش کش: اقبال صالح محمد

مصنف: نصیر ترابی

اشاعتِ اوّل: ۲۰۱۹

ناشر و طابع: پیراماؤنٹ بکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی

تقسیم کار: پیراماؤنٹ بکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی
۱۵۲/O، بلاک نمبر ۲، پی۔ ای۔ سی۔ ایچ۔ ایس، کراچی
فون: ۳۴۳۱۰۰۳۰، فیکس: ۳۴۵۵۳۷۷۲

آئی۔ ایس۔ بی۔ این: ۹۷۸-۹۶۹-۶۳۷-۷۱۶-۰

پیش آمد

ہر وہ صورتِ حال جس سے آدمی کا ذہن دوچار ہوتا ہے اسے تجربہ کہتے ہیں۔ تجربے سے اجاگر ہونے والے ردِعمل کو احساس کہا جاتا ہے۔ گویا احساس آدمی کے حواس کا ایک منطقی تاثر ہوتا ہے۔ تجربے اور احساس کو لفظوں کے ایک رشتے میں پرونے سے گفتگو اور بیانیہ اپنا آغاز کرتا ہے۔ مرتب خیالات کے ظہور کی باضابطہ ابتدا اظہار سے ہوتی ہے۔ اظہار کے بعد ترسیل کی نوبت آتی ہے۔ ترسیل کے ذریعے ابلاغ کا مرحلہ آتا ہے اور پھر آخر کو ادراک تک بات پہنچ جاتی ہے۔

لفظ کا برمحل استعمال برقی لہر سے مماثل روش رکھتا ہے۔ خواہ وہ لفظ عوامی ہو یا خواصی۔ ادبی اور علمی سلسلوں میں عموماً دائم اور مصدقہ تسلیماتی الفاظ سرگرم ہوتے ہیں۔ اس کے برعکس خوش وقتی کی نشستوں میں بے ساختہ نوعیت کے الفاظ ہنگامی اور عبوری حالتوں میں رونمائی کرتے ہیں۔ لہٰذا ایسے تمام الفاظ عمومیت اور عوامیت کے دائرے میں آتے ہیں۔ تفصیل کو اختصاراً ظاہر کرنے کے لیے عوامی الفاظ کا برتاؤ ایک کرشماتی خصلت کا حامل ہوتا ہے۔ گویا عوامی الفاظ مفہوم کی رُودرسی میں سہل ممتنع جیسی حسن کاری کا تناسب رکھتے ہیں۔ لہجے کے اتار چڑھاؤ سے ایک ہی عوامی لفظ کہیں طنز بھی ہو سکتا ہے تو کہیں مزاح۔

عوامی الفاظ کی زیادہ ترکھپت غیر رسمی بول چال کے علاوہ ڈراموں اور فلموں کے مکالمات میں ہوا کرتی ہے۔ مزید برآں طنز و مزاح کی صنف میں یہ الفاظ خاصے کارگر ہوتے ہیں۔ صحافتی تحریروں میں بھی عوامی الفاظ کی بدرجہا پذیرائی ہوتی رہتی ہے۔

لفظ پیالہ ہے اور معنی مشروب۔ ظرف و مظروف کا یہ پیمانہ سنجیدہ اور غیر سنجیدہ دونوں اقسام کے الفاظ پر یکساں منطبق ہوتا ہے۔ کسی بھی لفظ کا وجودی تعین ہمیشہ لغت کی نشاندہی سے آشکار ہوتا ہے۔

محل سرا کے زنان خانوں میں رواں مکالماتی اشارے کنائے بھی عوامی الفاظ کی تخلیق میں اپنا ایک حصہ رکھتے ہیں۔ بے باک اور بے تکلف ماحول میں مبتذل اور معیوب الفاظ سے گریز کرنا شخصی شفافیت کی ضرورت ہوتی ہے البتہ ذومعنویت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ذم آلود لفظ کو نزاکتاً استعمال کرنا تفننِ طبع کے زمرے میں آتا ہے۔

وہ الفاظ جو کسی مخصوص حلقے میں غیر رواجی اصطلاح کے طور پر رائج ہوتے ہیں وہی الفاظ باہمی راہ و رسم سے معاشرے کے دیگر حلقوں تک پہنچ جاتے ہیں۔ لفظ کے اصل معنی کو پس پردہ رکھنے کے لیے متبادلہ لفظ یعنی ''کوڈ ورڈ'' کے مروجہ تصرف کو بھی فی زمانہ عوامی مقبولیت حاصل ہو رہی ہے۔ فرنگی الفاظ کو تلفظ کی لغزش کے ساتھ ''اردو پن'' سے ادا کرنا بھی عوامی الفاظ کے ذخیرے میں اضافہ کر رہا ہے۔

عوامی الفاظ کا لغتی اعتبار سے مکمل احاطہ کرنا غیر ممکن عمل ہے کیونکہ بیشتر الفاظ بہ لحاظ وقت اپنی پامالی یا بوجہ کثرتِ استعمال ارزانی سے ازخود متروک ہوتے رہتے ہیں۔ علاوہ ازیں پیشہ ورانہ اصطلاحات کی نسبتوں سے بھی آئے دن عوامی لفظ وضع ہوتے رہتے ہیں۔ تکنیکی شعبوں کے بعض کلیدی لفظ بھی رفتہ رفتہ روزمرہ بول چال میں داخل ہوا چاہتے ہیں۔ ادبی اور علمی لغت کے مقابل عوامی الفاظ پر مشتمل فرہنگ قطعاً حتمی فرہنگ نہیں ہو سکتی ہے۔

حاضر لغت میں بندی کے تعلق سے بعض ایسے عمومی اور عوامی الفاظ بھی شامل ہیں جو بلا تخصیص تصرف روزمرہ پر اثر انداز ہو رہے ہیں لہٰذا وہ دیگر لغات میں بھی دستیاب ہو سکتے ہیں۔ آج کل گفتگو میں انگریزی الفاظ کی آمیزش بھی فراوانی سے ہوتی رہتی ہے اس سلسلے کو Minglish کہتے ہیں۔ اس ملغوبہ زبان کے حوالے سے بعض الفاظ دخیل اور مستعار نوعیت کے باب میں موجود وجمع آوری میں بھی اپنی جگہ رکھتے ہیں۔

حاضر لغت میں تمام الفاظ کا اندراج الف بائی ترتیب سے کیا گیا ہے۔ اس کے لیے ہائیہ آوازوں کے شمول سے حروف تہجی کی مقررہ ترتیب اختیار تو کی گئی ہے لیکن ترتیبی خلل بھی کہیں کہیں وارد ہوتا گیا ہے۔ پیش کردہ لغت کے تمام الفاظ کا ماخذ برصغیر کے مختلف علاقوں سے وابستہ ہے لیکن کثرتاً مشترکہ استعمال کی وجہ سے ہر لفظ کے سامنے اجرائی ماخذی حوالہ درج کرنے سے گریز کیا گیا ہے۔

اس موجود لغت کو اردو سے آشنا زرخیز اور شاداب ذہنوں کی خوش اوقاتی اور شگفتہ خیالی کی سماجیات کے لیے پیش کیا جا رہا ہے۔ اپنے ناشر اقبال صالح محمد کو اشاعتی تاجر سے زیادہ کتاب کے محسنوں میں شمار کرتا ہوں۔ ان کے نام دعا اور بس دعا۔ میری اس لغت کاری کے دوران لغت بانی کے محقق عزیزم طارق بن آزاد کی مشورت شامل رہی۔ میں ان کا تشکرانہ ممنون ہوں۔

نصیر ترابی

الف

اب اب کر کے	حال میں
اب جا کے	بہت دیر بعد
اب نہ تب	ہرگز نہیں
اب کہو	اب بتاؤ
اب کی	اس دفعہ
ابڑ دھبڑ	بے ہنگم
ابے	لہجے کی بلندی سے انتہائی معنی اور نرم لہجے سے کرم اور مہربانی مراد ہے
ابے او	متوجہ کرنا

یوں پکاریں ہیں مجھے کوچۂ جاناں والے
اِدھر آبے ابے او چاک گریباں والے
میر تقی میر

ابے تبے	تو تکار
اُبھارا	بڑھاوا
ابھی ابھی	کچھ دیر پہلے
ابھیچ	اسی وقت
اپ ٹو ڈیٹ	مطابق الحال
اپچن	نیا پن
اپیچ	خود ہی، آپ ہی
اپن	میں خود
اپنا آپا	خودغرضی
اپنا پرایا	قریب و دور کا
اپنائیت	نزدیکی، قربت
اپنوں	اپنا کی جمع
اپنی اپنی	جدا جدا
اپنی سی کہنا	دل کی بات کرنا
اپنی گرہ سے	اپنے پاس سے
اپنی نبیڑنا	اپنی فکر کرنا

رند خراب حال کو زاہد نہ چھیڑ تو
تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو
ذوق

اپنے تئیں	اپنے آپ
اَتا پتا	نشان، سراغ
اُتار چڑھاؤ	اوپر نیچے
اُتارا	صدقہ
اتاؤلا	بے چین

اُتران	ڈھلان، نشیب
اِتراہٹ	شیخی
اُترائی	ڈھلان
اُترن	اتارا ہوا لباس
اِتنا سارا	بہت سا
اِتنا کچھ	بے حساب
اِتنے واسطے	اس بارے
اُتھل پُتھل	تہ وبالا
اَٹااَٹ	بھرا ہوا
اَٹارا پٹارا	ساز و سامان
اَٹاری	کوٹھا، بالا خانہ
اَٹ پٹ	اوندھی سیدھی
اَٹ پٹا	بے جوڑ
اَٹ سٹ	بے تکی
اِٹکاؤ	الجھن، مزاحمت
اَٹکل	اندازہ
اَٹک مٹک	ناز نخرے
اَٹکن	رکاوٹ
اَٹکنا	آشنائی ہونا، پھنسنا
اَٹ کھٹ	کھٹکا
اَٹل	حتمی
اَٹنا	بھر جانا
اَٹوٹ	نہ ٹوٹنے والا
اَٹوک	بے روک ٹوک
اُٹھان	آغاز
اُٹھانا	اغوا کرنا، سواری لینا
اُٹھائی گیرا	نظر بچا کر کچھ اٹھانے والا
اُٹھتے بیٹھتے	ہر وقت
اُٹھنا بیٹھنا	نشست و برخاست
اُجڑا پُجڑا	سنسان
اَجی	کلمہ تخاطب
اجیتن	سپاہیوں کے درمیان رابطہ کار
اجرک	سندھی چادر
اجیرن	دوبھر، وبال جان
اُچاٹ	بیزار، اکتایا ہوا
اُچکا	چور، اوباش
اُچلاہٹ	چنچل پن
اَچنبھا	حیرت انگیز
اُچیلنا	اُچک لینا

اچھا بھلا	صاف، نمایاں
اُچھلو	سپیڈ بریکر
اچھن بچھن	نخرہ
اُچھو	پھندا
اَچھوتا	نادر
اچھے اچھے	دوسروں سے ممتاز
اَخاہ	واہ واہ، بہت خوب
اختر مبارک	عید مبارک
اُدبدا کر	بے چین ہو کر
ادھ گدرا	آدھا پکا آدھا کچا
اَدل بدل	عوض، مبادلہ
اَدھا	آدھی بوتل
اُدھر	متعلق، بین بین
اِدھر اُدھر	چاروں طرف
اَدھ کھلا	نیم شگفتہ
اُدھم	شور وغل
اَدھ موا	قریب المرگ
اَدھورا	نا تمام
اُدھیڑ	ٹانکے توڑنا

ناخن خدا نہ دے تجھے اے پنجۂ جنوں
دے گا تمام عقل کے بخیے اُدھیڑ تو

ذوق

اُدھیڑنا	سیون کھولنا
اڈا	بیٹھک، سواری کا مقام
اڈے پر لگانا	بہکانا، ہم خیال بنانا
ارب کھرب	ان گنت، بے شمار
ارجنٹ	فوری، ضروری
اِرد گرد	آس پاس
اُرلی طرف	اِس طرف
اَرو برو	بلا وجہ، خواہ مخواہ
ارے	اچنبھا (کلمۂ خطاب)
ارے او	تخاطب
اَڑ بڑ	ناہموار
اَڑسنا	اٹکانا
اڑنگ بڑنگ	بے ترتیب، مہمل، لغو
اُڑن چھو	غائب ہو جانا
اُڑنگا	رخنہ
اَڑی	ضد، اکڑ
اَڑی کرنا	ہٹ دھرمی

اَڑے	اَڑے کا متبادل
اَڑے او	ندائیہ
اَڑیل	ضدی
اُستاد	ماہرِ فن کو مخاطب کرنے کا کلمہ
اِسٹاک	ذخیرہ
اِسٹال	عارضی دوکان
اِسٹائل	اُسلوب
اِسکاؤٹ	ایک سماجی تنظیم
اِسکرین	پردۂ تصویر
اس کی نہیں ہو رہی	اس کی اجازت نہیں
اَسمبلی	مجلسِ شوریٰ
اِسمگلنگ	ناجائز درآمد و برآمد
اسی تُسی	آپس کا معاملہ
اَش اَش	حیرت
اُف رے	کلمۂ حیرت
اُفو	تعجب، تاسف
افواہ	اڑتی خبر
افیمی	افیم کا عادی
اکا دکا	کوئی کوئی

اَکارت	ناکارہ
اِکتالا	طبلے کی ایک گت
اک ذرا	تھوڑا سا
اَکڑباز	شیخی خورہ
اَکڑفوں	گھمنڈ
اَکڑنت	اکڑنا
اَکسانا	بہکانا، بھڑکانا
اَکسپرٹ	ماہر، مشاق
اَکلوتا	اکیلا بیٹا
اکیڈمی	بیت العلوم
اکیلے دُکیلے	ایک دو آدمی
اَکھا	تمام، پورا
اَکھاڑا	دنگل
اَکھاڑ پچھاڑ	دراندازی، الٹ پلٹ
اَکھڑ	غیر مہذب
اَکھنڈ	غیر منقسم
اگاڑی پچھاڑی	آگے پیچھے
اگر مگر	ہچکچانا، تذبذب
اگڑم بگڑم	مہمل
اگلا پچھلا	آئندہ و گزشتہ
اَلا بلا	انتہائی خراب

الاپنا	گانا شروع کرنا
اَلارم	آگاہی کی گھنٹی
اَلاؤ	آگ کا ڈھیر
البیلا	بانکا، چھیلا
اُلٹا پلٹا	گڈمڈ
اُلٹی بات	بے ڈھنگی بات
اُلٹی مت	غلط سمجھ

اُلٹی سمجھی مت زمانۂ مردہ پرست کی
میں ایک ہوشیار کہ زندہ ہی گڑ گیا

یگانہ چنگیزی

اُلٹی میٹم	آخری تنبیہ
اُلٹے سیدھے	بے جا
اَلڑ بلڑ	طفلانہ حرکتیں
اُلّو بنانا	بے وقوف بنانا
الف ہونا	چراغ پا ہونا
اَلکس	سستی، کاہلی
الگ الگ	جدا جدا

الگ الگ بھی بہت دل فریب نکلے گی
کہیں گے لوگ ابھی تیری داستاں کیا کیا

عزیز حامد مدنی

الگ تھلگ	بے تعلق
اَلل ٹپ	دفعتاً
اللہ اللہ	کلمۂ آفرین
اللہ اللہ خیر سلا	خاتمہ، فراغت
اللہ بخشے	کلمۂ مغفرت
اللہ بیلی	خدا حافظ
اللہ رکھے	خدا قائم رکھے
اللہ رے	مبالغتاً تعریف یا مذمت
اللہ لوگ	معصوم؛ شریف آدمی؛ بزرگ، صوفی
اللہ میاں کی گائے	بھولا بھالا
اَللے تللے	عیاشی، فضول خرچی
اَلَم غلَم	بے معنی، فضول
اَلگنا	پھلانگنا
اَلوپ	پوشیدہ، مخفی
الول جلول	بے ڈھنگا
اَلول کلول	کھیل کود
اَلھڑ	کم سن، نادان
اَماں	ارے میاں کا مخفف
اَمربیل	اکاس بیل
اَمرت	اکسیر

اُمکا ڈھمکا	اُلم غلم
اُمنڈنا	جوش میں آنا
اُناپ شناپ	اندھا دھند
انارکسٹ	انتہا پسند
اَن بن	کشیدگی
اَپلا	ناتجربہ کار
انت ہے	بہترین
اَنتر منتر	جادو ٹونا
اَنٹا غفیل	بے سدھ ہونا
اَنٹ سنٹ	اوٹ پٹانگ
اَن جان	ناواقف
اَنجر پنجر	جوڑ جوڑ
اِنچی	پیمائش انچ
اَن دیکھا	مخفی، غائب
اَندھی لگنا	اندھیر مچنا
اندھی میں	ڈھیل میں رکھنے میں
انڈکس	اشاریہ
اَنڈلانہ	شوخی کرنا
انڈہ	زیرو، صفر
ان کہی	ناگفتنی، کہنے کے قابل

اُن سے جو کہنے گئے تھے فیض جاں صدقہ کیے
ان کہی ہی رہ گئی وہ بات سب باتوں کے بعد
فیض احمد فیض

اَن گنت	بے شمار
اَن مول	بہت قیمتی
اَن میل	بے جوڑ
اَنہونی	نہ ہونے والی، محال
اُوا سوا	بیگانے
اُوب	اکتاہٹ
اُوپ	آب و تاب، رونق
اُوپر تلے	تہ و بالا
اوپر سے	مزید یہ کہ
اُوپر کی سوچنا	دور کی سوچنا
اُوپری	بالائی، ناموزوں
اُوٹ پٹانگ	واہیات
اُوجڑ	غیر آباد
اُوج سوج	فارغ البالی
اُوچھا	غیر معیاری
اوچھن پوچھن	بچی کھچی خوراک
اور اور	ایرے غیرے

اور جور	آمد ورفت، چہل پہل
اور چھور	ابتدا انتہا
اور تو اور	حیرت کی بات
اورس چورس	چکور، ہموار
اور سنو	مزید تعجب کی بات
اور کیا	کلمۂ استفہام، بے شک
اورے دھورے	آس پاس
اوسان	ہوش وحواس
اوک چوک	بھول، سہو
اوکھا	مشکل
اوگن	نقص، خرابی
اوگھٹ	دشوار، ناہموار
اول فول	نازیبا، فضول
اوٹانا	جوش دینا، کھولانا
اونچا نیچا	ناہموار
اونچ نیچ	نشیب وفراز
اونچی چیز	چالاک؛ عجیب
اوندھا چلن	الٹا طریقہ
اونے پونے	کم قیمت، سستے داموں
اوہو	کلمۂ تعجب

اویر سویر	وقت بے وقت
اے	توجہ دلانے کے لیے
ایٹ ہوم	گھر پر دعوت دینا
ایٹی کیٹ	تہذیب، شائستگی
ایجنڈا	کسی کارروائی کا پیش نامہ
ایچ پیچ	الجھاؤ، مکر وفریب
ایڈوانس	پیشگی
ایرا غیرا	اجنبی، بے واسطہ
ایسا منہ نہیں	اتنا حوصلہ نہیں
ایسی تیسی	برا بھلا کہنا
ایسے ویسے	معمولی، گھٹیا
ایکا ایکی	اچانک
ایکانت	گوشہ نشینی
ایک ایک کر کے	باری باری
ایک اکیلا دو کا میلا	اتفاق میں برکت
ایک پنتھ دو کاج	تدبیر سے کاموں کا نکل آنا
ایکسپورٹ	برآمد
ایک سے ایک	بہتر سے بہتر
ایکشن دکھانا	رعب جمانا
ایک کے پیچھے ایک	یکے بعد دیگرے

ایک نمبر	سب سے آگے
ایک نہ ایک	کوئی نہ کوئی
ایلے میلے	گئے گزرے
اینچا تانی	کشا کشی
اینٹھنا	اکڑنا
اینڈا بینڈا	ناشائستہ
اینڈی بینڈی	آڑھی ترچھی
اینڈے بینڈے	آڑھے ترچھے
ایں	کلمۂ تعجب، کیا اور کیوں
اے لو	لیجیے
اے وائے	مقامِ حسرت
اے ویں	خواہ مخواہ
اے ہاں	کسی بھولی بات کا یاد آجانا
اے ہے	کلمۂ افسوس
اے یہی تو ہے	قریب ہی تو ہے

الف مدہ

آ بے	ادھر آؤ
آ بیل مجھے مار	خواہ مخواہ لڑائی کرنا
آپ سے دور	خدا نخواستہ
آپ میں آنا	حواس بجا ہونا
آپا دھاپی	خود غرضی، نفسا نفسی
آپڑنا	غیر متوقع آمد
آپے	آپ خود
آپی آپ	خود بخود
آپہی	خود ہی
آتا جاتا	کام کی شُدبُد
آتے تو کیا آتے	آنا نہ آنا برابر
آتے کا آیا	جلد آنے والا
آتا گیلا ہونا	کام بگڑنا
آتم پاتم	اوپر نیچے
آج کل	بہت جلد، اِن دنوں
آدمی ہونا	شریف ہونا
آدھا ساجھا	آدھے حصے کی شرکت
آدھمکنا	اچانک آنا
آدھیا	آدھا کپ چائے
آڈیٹوریم	سماعت گاہ
آرپار	ایک سرے سے دوسرے سرے تک

آر پار	آمد و رفت
آرے	کلمۂ ایجاب یعنی ہاں
آڑا ترچھا	بانکا
آڑ باندھنا	اوٹ کرنا، پردہ کرنا
آڑ پکڑنا	پناہ لینا
آڑے آنا	مدد، سہارا

پکارتا رہا کس کس کو ڈوبنے والا
خدا تھے اتنے مگر کوئی آڑے آ نہ گیا
یگانہ چنگیزی

آڑے ہاتھوں لینا	لتاڑنا، خبر لینا
آڑھت	دلالی
آڑو بازو	آس پاس
آسا	امید، بھروسا
آسرا	امید؛ مروت
آسن	طور طریقہ
آفت	بے حد حسین
آگا پیچھا	انجام و آغاز
آگ بگولا	غضب ناک
آگئی تو روزی نہ آئی تو روزہ	روزگاری مشکلات
آگے آگے	آئندہ
آگے آیت	بات ختم
آگے پیچھے	لگاتار
آلو	موٹا آدمی، فربہ
آلو رکھنا	مذاق اڑانا؛ پھنسا دینا
آن بان	ٹھاٹ
آنا جانا	ربط ضبط
آنڈے پانڈے	تتر بتر
آنکڑا	گرفت
آنکلنا	اتفاقاً چلے آنا
آنکھ چوکنا	غافل ہونا
آنی جانی	ناپائیدار
آوازار	بیزار
آواز کا پاٹ	گونج
آواز لگانا	پکارنا
آواز میں نمک	سوز و گداز
آوے کا آوا	سب کا یکساں ہونا
آلا بالا	ٹال مٹول
آلتی پالتی	چار زانو بیٹھنا

آلینا	قریب پہنچنا
آہا	کلمۂ تحسین
آہٹ	کھٹکا، چلنے کی آواز
آہستہ آہستہ	رفتہ رفتہ

یکایک ایسے جل بجھنے میں لطف جاں کنی کب تھا
جلے اک شمع پر ہم بھی مگر آہستہ آہستہ
مصطفیٰ زیدی

آؤ بھگت	خاطر مدارات
آؤ تاؤ	رنگ ڈھنگ
آؤ جاؤ	آمد ورفت
آئی گئی	رفع دفع
آئے دن	ہر روز
آئیں بائیں شائیں	بے سروپا
آئینتی پائینتی	سرہانے اور پاؤں کی طرف
آیا گیا	بھولا بسرا

ب

بات بات پر	ہر فعل پر، ہر کام پر
بات دیکھنا	انتظار
بات بھانا	پسندیدگی
باجا گاجا	دھوم دھام
باجو میں	برابر میں
باجی	گھر کی مالکن
باڑا	احاطہ، چار دیواری
باڑا مارکیٹ	غیر ملکی سامان کا بازار
باڑھ	دریا کی طغیانی
باڑھنا	باڑھ لگانا
باسی تباسی	دو تین روز پرانی
باکڑا ہوٹل	لکڑی کی بینچوں والا ہوٹل
بال	بچہ
بال پن	بچپن
بالڑی	بچی
بالی	لڑکی
بالے	لڑکا
بانٹ بونٹ	تقسیم
باؤنسر	سر سے گزر جانے والی بات
باؤلا	دیوانہ، پاگل
باؤلی ہانڈی	ترکاریوں کی یکجائی

بائی	بہن
باہر باہر	اوپر ہی اوپر
باہر والا	ہوٹل کا بیرا
ببول	خاردار درخت
بپتا	دکھ بھری داستان
بپھرنا	بھڑکنا، آگ بگولا ہونا
بتنگڑ	طول طویل گفتگو
بتولا	فریب، دھوکا
بتولے باز	چرب زبان
بتیانا	گفتگو کرنا
بتاپال	ایسی گیند جو مارنے کی طرح پھینکی جائے
بتاشا	سازش، بندش
بٹوارا	تقسیم
بٹورن	بچی کھچی
بٹے باز	بازی گر، شعبدہ باز
بجلی بتی	ٹیوب لائٹ
بجھارت	پیچیدہ بات؛ پہیلی
بجھیل	بھاری بھرکم
بچا بچایا	باقی ماندہ

بچکانا	بچوں جیسا
بچو	انداز تخاطب
بچہ پارٹی	بچے
بچہ جمورا	مداری کا معاون
بحثنا	حجت کرنا
بدنا	شرط لگانا
بڈھا ٹھڈا	ضعیف
برابری	ہم سری
برا بھلا	سخت سست
برا وقت	افلاس، تنگی
بر بر	مساوی
بڑبڑانا	پھڑکنا
برسابرس	سالہا سال
برف دان	فریج
برگر	فیشن زدہ
بروبر	ٹھیک، درست
بڑا بول	شیخی، ڈینگ
بڑا گوشت	گائے کا گوشت
بڑبڑیا	بکواسی
بڑکیں مارنا	رعب جمانا

بڑے بڑوں	نامی گرامی

فراق راہِ وفا میں سبک روی تیری
بڑے بڑوں کے قدم ڈگمگائے ہیں کیا کیا
فراق گورکھپوری

بڑی مچھلی	بااثر فرد
بڑھت	تجاوز
بس بس	زیادہ نہ کہو
بس کا روگ	اختیار
بسیرا	مجازاً مکان
بک بک	جھک جھک
بکواس	گھٹیا اور بے کار باتیں
بکھیڑا	دشواری، فساد
بگاڑ	نقص، تکرار
بگاڑو	خراب کرنے والا
بگلا بھگت	ظاہر نیک باطن بد
بل	طاقت
بلا جانے	بے پروائی
بلا کاٹنا	مصیبت ٹالنا
بلاوا	طلبی، دعوت
بلبلانا	بے تابی
بلمانا	دل لگانا
بلوا	فتنہ، فساد
بلوری	خوبصورت
بلونا	گھولنا
بلونگڑا	بچی یا بچہ
بلیٹن	خبر نامہ
بلیک میل	افشائے راز کی دھمکی
بلیک مارکیٹ	چور بازاری
بم	زبردست
بمباٹ	نہایت عمدہ؛ کچی شراب
بناؤ چناؤ	آرائش
بن باس	دیس نکالا
بنجارا	غلے کا سوداگر
بن ٹھن کر	سج سجا کر
بند ٹوپی	شٹل کاک برقع
بندر بانٹ	غلط تقسیم
بندر بھبکی	نمائشی دھمکی
بند کباب	دیسی برگر
بندوڑی	باندی
بندہ	ہرکارہ؛ منظور نظر

بندھن	لگاؤ، بندش
بنڈل	گٹھری
بنڈل مارنا	مبالغہ آرائی
بنگالے کی مینا ہونا	دلچسپ باتیں کرنا
بنوٹ	بناوٹ
بوباس	سراغ، نشان
بوتا	طاقت، زور
بوچھاڑ	ترچھی بارش
بودا	کمزور
بور کرنا	بیزار کرنا
بوری	تھیلا
بوریت	بیزاری
بوکھلاہٹ	پریشانی
بوگس	غیر حقیقی
بول بچن	جھوٹے وعدے
بول چال	میل جول
بولتی بند	لاجواب
بولی ٹھولی	روزمرہ زبان
بومڑی مارنا	شور مچانا
بونگا	بے وقوف

بونگیاں مارنا	احمقانہ باتیں کرنا
بونی/بوہنی	دن کی پہلی آمدن
بہتیرا	بہت زیادہ
بہروپیا	مکار، فریبی
بہکاوا	فریب
بہلاوا	تفریحی مصروفیت
بے بے	بزرگ خاتون
بے پیر	بے حوالہ
بے دین	بے اعتبار
بیا	بھلا، اچھا
بیچ بچاؤ	تصفیہ
بیٹھت	صوفہ
بیٹھک	بیٹھنے کی جگہ اور انداز
بیٹھن	سیٹ
بیٹھے بٹھائے	یکایک
بیٹھے بٹھائے موت کی بتیا آنا	ناگہانی آفت
بے دال کا بودم	بے وقوف
بے عزتی خراب کرنا	ذلیل کرنا
بیلی	نگہبان

بھ

بھاری بھرکم	وزنی، باوقار
بھاڑا	اُجرت
بھاشن	(طنزیہ) پند و نصائح
بھانڈا پھوڑنا	راز کھولنا

غیر کیوں بھید سے واقف ہوتا
میرے ہم راز نے بھانڈا پھوڑا
داغ دہلوی

بھاؤ کھانا	نخرے کرنا
بھتّا	جبری رشوت
بھتّا بیٹھ جانا	دیوالیہ
بھرم	رعب داب
بھرم توپ	رعب جمانے والا
بھلا آدمی	شریف آدمی
بھلا ہوا	خیریت گزری

جفائیں دیکھ لیاں کج ادائیاں بھلا
ہوا کہ تری سب برائیاں دیکھیں
میر تقی میر

بھنوٹ	شدید غصہ
بھونڈو	سیدھا سادا؛ بے ڈھنگا
بھیڑو	دوست
بھین	بہن

پ

پاپڑ بیلنا	مشقت
پاپلیٹ	مزے دار
پاڑا	علاقہ، محلہ
پالا	تعلق، واسطہ
پالتی	چار زانو بیٹھنا
پالن	پرورش
پانڈے	مرشد
پانسا	قرعہ
پپڑی	خشک پوست
پتر	بیٹا
پتلی گلی سے نکل لینا	کنّی کترا کے نکل جانا، فرار ہو جانا
پتنی	زوجہ، اہلیہ

پنچو	خوب صورت، پیارا؛ عمدہ، شاندار
پتی	حصہ (پیسوں یا کھانے پینے کی چیز میں)
پتیارا	یقین، بھروسا
پٹ	کواڑ، دروازہ
پٹ بھیڑنا	کواڑ بند کرنا
پٹ پٹ	متواتر
پتا تڑانا	بھاگنا
پٹا پٹی	دھاری دار
پٹاری	چھوٹی ٹوکری
پٹانا	ورغلانا، جال میں پھنسانا
پٹس	کہرام
پٹرا کر دینا	تباہ کرنا

آکے مہماں سب وہ ساماں لے گئے
میرے سارے گھر کو پٹرا کر دیا
داغ دہلوی

پچکن	بے چینی، بے کلی
پٹن	پیٹنے کا عمل
پٹنے والا	چپڑاسی
پچارا پھیرنا	سفیدی کرنا
پچوڑا	ارزل، ذلیل
پچ	لمبی بحث
پچاسا	پچاس روپے کا وزن
پچانگ کر دینا	مات دینا
پچکار	پیار دلار
پچھلے درجے کا	حد درجے کا
پچھلے کو	آخر شب
پچھواڑا	مکان کا عقب
پخ	روک، پابندی؛ منحوس شخص

کہتے ہیں آئیں گے عدو کے ساتھ
یہ بری تم نے پخ لگائی ہے
داغ دہلوی

پخ پخ	فضول بحث و تکرار
بخیر راغلے	خوش آمدید
پرا	صف، قطار
پرانا پڑ جانا	بوسیدگی
پرانا دھرانا	بیکار، بوسیدہ
پرانا چاول	تجربہ کار، جہاں دیدہ

پرائی آگ میں پڑنا — غیر کی مصیبت اپنے سر لینا

پرائی آگ میں جل کر سیاہ پوش ہوئے
خود اپنی آگ میں جلتے تو کیمیا ہوتے
نصیر ترابی

پرائے واسطے — دوسرے کی خاطر
پرت — چھلکا
پر تولنا — پرواز کی تیاری
پرچون — متفرق سودا
پرچی — سفارش؛ بھتے کا پیغام
پرچی کاٹنا — ٹھکانے لگانا
پرچھاواں — سایہ
پرخچے — پرزہ پرزہ
پردہ پکارنا — پردے کے لیے آواز دینا
پرسوں — آج سے تیسرا دن
پرلی طرف — دوسری طرف
پرولتاری — محنت کشوں کا حامی
پرے — ورے کی ضد، اُس پار
پرے پرے — دور دور
پڑاؤ — مسافر کے اترنے کی جگہ

پڑچھتی — مچان، دو چھتی
پڑتا (پڑتا) — لاگت
پڑتال — جانچ، جائزہ
پڑے پڑے — رکھا ہوا، بیکار
پڑیل — فضول اشیا
پڑھنت — منتر، جادو
پسار — پھیلاؤ، فراخی
پسرنا — دراز ہونا؛ مکر جانا
پسوڑی — زحمت، مشکل
پسوڑی ڈالنا — رکاوٹ اور بے جا مداخلت
پسوڑی کھانا — وعدہ خلافی
پسیجنا — نرمی اور گداز
پشتا پشت — کئی نسلوں سے
پکا آدمی — بات پر قائم رہنے والا
پکاؤ — پختہ، تیار
پکڑائی دینا — گرفت میں آنا
پکڑ دھکڑ — دار و گیر، گرفتاری
پکوانیہ — اوزان
پکی بولی — شہری بولی

پکھراٹ	بحث مباحثہ، شور شرابا، جھگڑا
پگار	تنخواہ
پگ ڈنڈی	پیدل چلنے کا راستہ
پگڑی	ناقابل واپسی زرِ ضمانت
پلا	آنچل، کنارا
پلار	باپ
پلپلا	نرم
پلپلی صاحب	لنڈے کے کپڑے پہننے والا
پلٹ	اُلٹ کا تابع
پلٹا	گھماؤ، چکر
پلٹن	پیادہ فوج کا دستہ
پلڑا	ترازو کا پاٹ
پلستر بگاڑ دینا	خوب پٹائی کرنا
پلسیا	پولیس والا
پل کی پل	تھوڑی دیر کے لیے
پلنگ پانا	گاڑی کے اوزار
پلندا	بنڈل، گڈی
پلنگڑی	سنگل بیڈ
پلنگا	ڈبل بیڈ
پلو	آنچل کنارا
پلوٹھا	پہلا بچہ
پلے	پاس، گرہ
پلے پڑنا	ہاتھ لگنا
پلیت	پلید کا بگاڑ
پلیتھن نکالنا	اُدھ موا کرنا

یاں پلیتھن نکل گیا واں غیر
اپنی تکّی لگائے جاتا ہے
میر تقی میر

پلیٹوں	بکثرت، وافر
پناہ گیر	ہجرت کر کے آنے والا
پنٹر	من پسند ماتحت
پنجیری	خشک میوہ
پنچایت	صلاح مشورہ اور تنازع کا جلسہ
پندرواڑا	پندرہ دن
پنڈ	گاؤں
پنڈال	شامیانہ
پنساری	عطار، دوا فروش

پنچھا کرنا	کسی کام سے جان چھڑانا
پنگا	مداخلت، رکاوٹ؛ بلاوجہ الجھنا
پنگا لینا	مخالفت کرنا، الجھنا
پنگت	صف، قطار
پنگوڑا	پالنا، گہوارا
پنگے باز	الجھنے والا
پنگے بازی	الجھنا
پنی	چیزوں کی پیکنگ؛ سلوفین کا ورق
پنی پیک	بالکل نئی، تازہ
پنیری	چھوٹے چھوٹے پودے
پوا	سفارش
پواڑا	طول طویل افسانہ
پو بارہ	خوش قسمتی، اقبال مندی
پوپٹ	توتا؛ حسین، خوب صورت
پوٹ	گٹھری، انبار
پوٹلا	بنڈل
پوچھ پاچھ	تفتیش
پوچھ گچھ	تحقیق، دریافت

پورا پڑنا	کمی کا پورا ہونا
پورا پورا	مکمل
پوسنا	پرورش کرنا
پوسیری	پاؤ بھر
پولا	کھوکھلا
پول کھلنا	عیب ظاہر ہونا
پون	تین چوتھائی
پونجی	حیثیت، سرمایہ
پونیا	پونا کپ چائے
پونے آٹھ	نامرد
پوں بول جانا	عاجز ہونا
پہاڑا	ضرب کا قاعدہ
پہاڑی/پہاڑیا	پہاڑ کا رہنے والا
پہرا	چوکی، نگرانی
پہلو دینا	ٹالنا
پہلے آپ	کلچر، شائستگی
پہلے پہل	پہلی مرتبہ
پہناوا	پوشاک، لباس
پہنچ	اثر ورسوخ
پیترا	نیا طور

پٹی	ایک لاکھ روپے
پٹی بھائی / پٹی بند	ہم پیشہ
پیچ پاچ	چال بازی، چالاکی
پیچھا پکڑنا	کسی کے ساتھ لگا رہنا
پیچھا لینا	تعاقب کرنا
پیرا	ناجائز کمائی
پیرا گیر	بدمعاش، بھتا لینے والا
پیڑ	تکلیف
پیس	خوب صورت اور حسین
پیسہ پھیری	منی لانڈرنگ
پیشاب کی دھار پر مارنا	اہمیت نہ دینا
پیلی دینا	جلد بازی میں کام کرنا
پیلا اسکول	سرکاری اسکول
پیندا	ظرف کا نچلا حصہ
پینڈو	دیہاتی، اُجڈ، آداب سے بے بہرہ
پیٹیلا	پیا ہوا، شراب کے نشے میں
پیاں پیاں	پیدل، کسی سواری کے بغیر

پھ

پھاپا کٹنی	عیار عورت
پھاندنا	جست لگانا، پھلانگنا
پھانس	بانس کا ریشہ
پھانسنا	گھیرنا
پھانک	قاش، ٹکڑا
پھاوا	الجھاؤ
پھاوڑا	بیلچہ، کدال
پھایا	روئی کو زخم پر چپکانا
پھب	ادا، چھب
پھبتا	موزوں، مناسب
پھبتی	ایسی بات جو کسی پر چسپاں ہو جائے
پھبن	آرائش، سجاوٹ
پھپس	بادی جسم
پھبک	بالیدگی، نمو
پھپولا	آبلہ، چھالا
پھٹ	تنہا، اکیلا
پھٹا کھاؤ	چلتے بنو، دفع ہو جاؤ

پھٹکار	لعنت، بے رونق
پھٹیچر	گھٹیا
پھٹیک	درد سر
پھٹے میں ٹانگ اڑانا	جھگڑے میں الجھنا، بحث میں پڑنا
پھدکنا	اچھلنا، جست بھرنا
پھڈا	جھگڑا؛ بحث مباحثہ؛ مشکل
پھڈے باز	جھگڑالو
پھرا	نقل کے لیے کاغذ کا ٹکڑا؛ محبت نامہ
پھرت	گردش، حرکت
پُھرت	تیزی، طراری
پُھرتیلا	چست، چالاک
پھر کہو	(کلمۂ تنبیہ) دوبارہ کہو
پھرکی	لٹو
پُھریری	جھرجھری
پھڑک	تڑپ، بے چینی
پھڑے بازی	امتحان میں نقل، محبت نامے
پُھنز	دھونس
پُھس پُھسا	ڈھیلا
پُھسڈی	سست، کاہل
پُھسلانا	بہلانا، جھانسا دینا
پھسلن	پاؤں کی لغزش
پھسلنی	سلائیڈ
پھکڑ	تنگ دست
پُھکّے	عیاشی کا شوق رکھنے والے قلاش
پھکیت	لٹھ باز
پُھلا پھولا	شاد و آباد
پھلت	بار آوری
پُھلکا	نرم روٹی، چپاتی
پھندا	گرفت، گرہ بندی
پھنسانا	ورغلانا
پھنسی ہوئی گھوڑی	وہ مسئلہ جو کوئی اور ہی حل کر سکتا ہو
پھوٹ پھٹیک	جدائی، علیحدگی
پھوٹن	نااتفاقی
پُھوٹنا	فوراً نکل جانا
پھوس	سوکھی گھاس
پھوکٹ	مفت، بے دام

پھول پان	برائی بھلائی
پھول فاتحہ	قُل
پھوں پھاں	شیخی اکڑ
پھوئیاں پھوئیاں	تھوڑا تھوڑا، قطرہ قطرہ
پھیر	گھماؤ، چکر
پھیر پھار	اُلٹ پلٹ، ہیرا پھیری
پھیرا	گشت
پھیریا	بیرون ملک پھیرے لگانا
پھیکا پڑنا	مدھم ہو جانا
پھیلاؤ	طوالت، درازی
پھیل کر بیٹھنا	کھل کر بیٹھنا
پھیلنا	سر پر چڑھنا؛ اعتراض کرنا
پھینٹی لگانا	بہت مارنا
پھینکنا	گپ ہانکنا، چھوڑنا
پھینکو	گپ باز

ت

تاب	تپش، حرارت
تابڑ توڑ	متواتر، لگاتار
تارید	کسی لفظ کو اردو بنانا
تاڑ	ایک درخت؛ مستقل گھورنا
تاڑنا	بھانپنا
تاڑو	نظر رکھنے والا
تاک جھانک	نظر بازی
تال میل	موزونیت
تانابانا	تار و پود، خاکہ
تانتا	قطار، سلسلہ، مجمع
تان چکھنا	پتنگ کی ڈور پکڑنا
تاؤلا باؤلا	جلد باز، دیوانہ
تبلیغی	تبلیغ کار
تب بھی	تاہم، پھر بھی
تپانا	تاؤ دینا، ستانا
تپڑ	جرأت، ہمت
تپنا	طیش میں آنا؛ جل بھن جانا
تتلی	طوائف
تت	اتار، ڈھلان
تجنا	کنارہ کشی
تجھ سار	تیری طرح
تجھ مجھ	ہر کس و ناکس

تھسیلنا	تحصیل کرنا
تختی	لوح
تخت یا تختہ	ترقی یا تنزل
تد	تب کی قدیم شکل
ترارا بھرنا	تیز دوڑنا
تراؤ	تیرنا
ترابا	تین راستوں کا ملاپ
ترائی	قرب دریا کی زمین
ترپال	ٹاٹ
تُرپائی	سیون
تُرت	فوراً، جلدی
تُرتُرا	چرب زبان
ترچھا	آڑا
ترچھائی	ٹیڑھاپن
ترسا مارنا	ترپانا
ترشن	چھیلن، ترشہ
تُرلقمہ	عمدہ غذا
ترکھ	تین منہ والا
ترنت	جلدی، فوراً
ترنگ	جوش، امنگ

تریاہٹ	عورتوں کی ضد
تڑی آواز کے مدینے	تیری آواز دور دور پہنچے
تڑابھڑی	گھبراہٹ، بے چینی
تڑاتڑ	مارنے کی لگاتار آواز
تڑپ جھڑپ	پھرتی، چالاکی
تڑپڑ	برجستہ جواب
تڑفنیاں کھانا	درد کی شدت سے تڑپنا
تڑی	دھونس
تڑی لگانا	دھمکانا، دھونس جمانا
تس پر	باوجود اس کے
تسلا	چوڑا برتن
تغاری	سیمنٹ بھرنے کا برتن
تُف	(کلمۂ نفرین) ملامت
تفریح لینا	مذاق کا نشانہ بنانا
تکڑ	جلد بازی
تکنی	دیکھنا
تکوری	بے مروتی
تکون	سہ پہلو
تکے لگانا	انکل سے کام لینا
تگڑا	مضبوط، طاقت ور

تگنی کا ناچ نچانا	پریشان کرنا
تل برابر	ذرا سا
تل دھرنے کی جگہ نہیں	ٹکنے کی گنجائش نہیں
تل پڑنا	متوجہ ہونا
تلاوچہ	فراغی چین
تلپٹ	تباہی، خرابی
تلچھٹ	تہ نشین
تلملاہٹ	تڑپ، بے چینی
تلن	تلی ہوئی چیز
تمیز	نو وارد
تلے تیس اوپر بیس	درہم و برہم
تم کس کھیت کی مولی ہو	تمھاری کیا حیثیت ہے
تناتنی	کشیدگی
تنکا تنکا	ذرا ذرا
توبہ تلّا	ہائے وائے
توپ چیز	چلتا پرزہ
تو تو میں میں	گالی گلوچ
توڑا مروڑی	ہاتھا پائی
توڑ کرنا	مفاد حاصل کرنا

تونبا	پیالا
تہارو	مسلم شاور
تہرا	سہ چند، تگنا
تیاپانچا	حصے بخرے
تیرہ تیزی	ماہ صفر کے پہلے تیرہ ایام جن میں رسول اکرم ﷺ بیمار تھے
تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا	دو قریبی دوستوں میں تیسرا اجنبی

دو آنکھوں میں جو تیسرا ہے
ٹھیکرا ہے
یگانہ چنگیزی

تیسری دنیا	مخنث
تیکھا	مؤثر، پرکشش
تین تیرہ	پراگندہ
تین حرف	لعنت
تیورانا	غش آنا
تیورس	آئندہ تیسرا سال

تھ

تھاں	جگہ
تھڑا	دکانوں کے باہر بنا ہو چبوترا
تھکا ہوا	گھٹیا، بے کار
تھل تھل	پلپلا ہوا
تھوبڑا	(حقارتاً) بدصورت
تھو تھو	نفرین، لعنت، تف
تھوپ تھاپ	رفع دفع
تھوڑا تھوڑا	کم کم
تھوک	ڈھیر، انبار، اکٹھا

ٹ

ٹاپا پھرنا	بھٹکتا پھرنا
ٹارزن	(طنزاً) دبلا پتلا؛ بہادر
ٹاکنا	ٹھہرنا، رکنا
ٹانکا بھڑنا	عشق کا آغاز ہونا
ٹاپ	عمدہ، معیاری
ٹائم کھوٹی کرنا	وقت برباد کرنا
ٹائیں ٹائیں فش	زبانی جمع خرچ
ٹپاٹپ	آنسو گرنے کی آواز
ٹپائی دینا	(طنزاً) دکھائی دینا، نظر آنا
ٹپا	دوبارہ
ٹپڑ	ہمت، حوصلہ، جرأت
ٹپکا ٹپکی	بوندا باندی
ٹپکا دینا	جان سے مار دینا
ٹپکانا	ٹھکانے لگا دینا
ٹپوری	عامیانہ
ٹپوری لوگ	جرائم پیشہ
ٹٹ پونجیا	خستہ حال
ٹٹو	چھوٹا گھوڑا
ٹٹول	تلاش
ٹچا	کم ظرف
ٹڈا	کمزور، چھوٹا
ٹرخانا	ٹالنا
ٹرواس	ٹر ٹر اور بکواس کا امتزاج

سن چکے ٹرواس تیری اٹھ ہمارے پاس سے
درد سر ہونے لگا ناصح تری بکواس سے

داغ دہلوی

ٹسوے	جھوٹے آنسو
ٹشن	جھوٹا رعب، دکھاوا
ٹکا	سکہ
ٹکانا	تھپڑ مارنا؛ خراب مال تھمادینا
ٹکاؤ	مضبوط
ٹکٹکی	غور سے دیکھنا
ٹکر ٹکر	حیرت سے، حسرت سے
ٹکڑے توڑنا	مفت خوری
ٹکسال	کارخانہ
ٹکسالی آدمی	کھرا اور معتبر آدمی
ٹکلا	گنجا آدمی
ٹکنا	ٹھہرنا
ٹکور	سینکنا
ٹکے کی اوقات	مفلسی، ذلت
ٹلا	پولیس والا
ٹلنا	وقت یا کام کا رک جانا
ٹمٹماہٹ	ہلکی روشنی
ٹُن	نشے میں چور
ٹنٹا	بکھیڑا، اختلاف
ٹُمنا	جیب کٹا
ٹنڈ	گنجا سر
ٹنگڑی اڑانا	مداخلت کرنا
ٹنگیانا	ایڑ لگانا
ٹوپلا	بڑی ٹوپی
ٹوپی پہنانا	بے وقوف بنانا؛ دھوکا دینا
ٹوپی ڈراما	بہانے بازی، دھوکا دینے کا عمل
ٹوپی گھمانا	دوسروں کے ذریعے اپنا کام نکالنا
ٹوٹ پھوٹ	شکستگی
ٹوٹا	چھوٹا سا ٹکڑا؛ فحش فلموں کے ٹکڑے
ٹوٹکا	ٹونا، افسوں، جادو
ٹوٹی فروٹی	ابن الوقت، مفاد پرست
ٹوچن/ٹوچنگ	گاڑی کو دوسری گاڑی سے باندھ کر کھینچنا
ٹوڈی	خوشامدی، جی حضوری
ٹور	ناز و ادا
ٹوک	نظر بد، پوچھ گچھ

ٹولی	گروہ، جتھا
ٹوہ	کھوج، تلاش
ٹہلانا	ٹالنا
ٹہلوا	خادم، نوکر
ٹہوکا	کہنی مارنا
ٹیپ ٹاپ	آرائش، زیبائش
ٹیپنا	نقل کرنا، تاڑنا
ٹیڑھا	خمیدہ
ٹیک	سہارا
ٹیکسی	طوائف
ٹیوب لائٹ	سیدھا، بھولا، بے وقوف

ٹھ

ٹھا	آواز
ٹھاٹ	ڈھنگ، انداز
ٹھاٹ باٹ	شان و شوکت
ٹھاننا	پکا ارادہ
ٹھپ ہو جانا	بند ہو جانا
ٹھپا	چھاپہ
ٹھٹ	ہجوم، بھیڑ
ٹھٹا	ہنسی، مذاق
ٹھٹول	ظریفانہ گفتگو
ٹھرا	گھٹیا شراب
ٹھرک	خواہش؛ ہوس
ٹھرکی	نظر باز، ہوس کا مارا
ٹھس پن	بھدا پن
ٹھسا	تکبر، تمکنت
ٹھکانا	مقام، منزل
ٹھکائی	سخت پٹائی، شدید مار
ٹھگ	فریبی
ٹھگو	فریبی
ٹھک ٹھک	آہستہ آہستہ
ٹھور	ٹھکانا، کھوج
ٹھور کلی	بازار حسن
ٹھوکنا / ٹھونکنا	ٹکر مارنا
ٹھونس ٹھانس	زبردستی ٹھونسنا
ٹھنڈا	کولڈ ڈرنک
ٹھنڈ کچہ	ائیر کنڈیشن
ٹھیا	گدی، بیٹھک

ٹھیس	ہلکی سی چوٹ
ٹھیک	درست
ٹھیک ٹھاک	مناسب، چست
ٹھیکہ	مزدوری پر لیا ہوا کام
ٹھیکرا	برتن کا ٹکڑا
ٹھیلا	بار برداری کی گاڑی
ٹھینگا	انگوٹھا دکھانا

ج

جاپانی روڈ	بازار حسن
جات پات	شجرہ نسب
جاتے جاتے	رخصت ہوتے ہوئے
جاٹ	ایک ذات
جاگت	بیداری
جام	رُکا ہوا، پھنسا ہوا
جانا بوجھا	دیکھا بھالا
جان باؤلا	پیچھے پڑ جانے والا
جان پہچان	واقفیت
جائی	بیٹی
جایا	بیٹا
جب تب	کبھی کبھی، گاہ گاہ
جب جب	ہرگاہ
جباب	جواب کا بگاڑ
جپنا	تسبیح پڑھنا
جتّ	جتنا، جس قدر
جتن	کوشش
جتھا	گروہ، انبوہ
جٹ	ان پڑھ
جچا تلا	آزمودہ
جدھر تدھر	جہاں جہاں
جرگہ	پنچایت
جُروا	اہلیہ
جڑ	بنیاد
جڑاوت	ملاپ
جڑت	مرصع
جس تس	ہر طرح کا
جس جس	ہر ایک
جسیلا	نامور
جعلیا	جعل ساز
جگ	دور، وقت، عہد

جگتیکس — بھتا

جگاوری — تجربے کار

جگاڑ — تدبیر، چالاکی

جگاڑ لگانا — سفارش کروانا

جگاڑ نکالنا — مسئلے کا حل نکالنا

جگاڑو — جوڑ توڑ کا ماہر

جگت — سنسار

جُگت — جوڑ توڑ

جگ جگ — مدام

جگر کرنا — حوصلہ کرنا

بے دست وپا سوار حریفاں کو سر کیا
اس معرکے میں دل نے بھی کیا کیا جگر کیا

نصیر ترابی

جگہ جگہ — جہاں تہاں

جگ ہنسائی — رسوائی

جل تھل — دلدل

جل ککڑی — حاسد

جُل — فریب، مکر

جلد پکیہ — پریشر ککر

جمع خرچ — آمدنی اور خرچ

جُماگی — جمعے کا تحفہ

جمگھٹ — انبوہ، ہجوم

جنا — فرد، آدمی

جنانی — عورت

جنجال — آفت، مصیبت

جنگلا — احاطہ، باڑ

جو جو — ہر کوئی

جوت — لَو کی چمک

جوتنا — گھوڑے میں جوڑنا

جورُو — زوجہ

جورو کا مزدور — زن مرید

جوڑ — گانٹھ، ٹانکا

جوڑ جوڑ — تمام بدن

جوڑیا — برابر کا، ساتھی

جوڑی دار — ہم پلہ، برابر

جوکھم — مشکل کام، خطرہ

جُونا — قدیم؛ گزشتہ

جوں توں — کسی نہ کسی طرح

جوں کا توں — ایسے کا ایسا ہی

جوہڑ	تالاب، جھیل
جی اُچاٹ ہونا	بیزاری
جی برا کرنا	ناخوشی
جی حضوری	خوشامد
جی ہاں	(کلمۂ ایجاب) جواباً بھی اور طنزاً بھی
جی ہٹ جانا	تنگ ہونا
جیالا	دلیر
جیب	کیسہ
جیب خرچ	روزانہ خرچا
جیب کترا	جیب کاٹنے والا
جیتا جھوٹ	کھلا جھوٹ
جیتے جی	زندگی میں
جیٹھا	نہایت اعلیٰ
جیسا تیسا	جس طرح کا
جیک	اثر و رسوخ
جیوٹ	دلیری، بہادری
جیون	زندگی
جیونا	دعوت، ضیافت
جے	جے کا مختلف آوازوں میں خوشی، غمی، واہ، حیرت اور پریشانی کا اظہار کرنا

جھ

جھاڑ پھونک	منتر
جھاڑن	جھاڑنے کا کپڑا
جھاگ	کف
جھانپو	بے وقوف، گاؤدی
جھانسیا	جھانسا دینے والا
جھانکا جھانکی	تاک جھانک
جھانکی	روزن
جھائیں جھائیں	بک بک
جھپ	فوراً
جھپاک سے	جلدی میں
جھپٹ	چھین لینا
جھپکی لینا	غنودگی
جھٹ پٹ	بہت جلد
جھٹ پٹا	صبح یا شام کی سیاہی
جھٹکے کا گوشت	گوشت جو حلال نہ ہو

جھٹکے کا مال	چور بازاری
جھٹلانا	جھوٹا ثابت کرنا
جھجک	شرم، حیا
جھرجھری	کپکپی
جھرمٹ	حسینوں کا حلقہ
جھرنا	پانی کا چشمہ
جھڑپ	خفیف سا تصادم
جھڑتی	تلاشی
جھڑک	ڈانٹ ڈپٹ
جھک جھک	تکرار
جھکاوٹ	خمیدگی
جھکاؤ	میلان، رجحان
جھکولا	غوطہ، ڈبکی
جھکی	اڑیل
جھگی	جھونپڑی
جھل	جوش
جھلا	دیوانہ
جھلاجھل	جگ مگ
جھلاہٹ	الجھن
جھلک	عکس دکھانا
جھلکار	پنکھا چلانا
جھم جھم	ہلکی ہلکی بارش
جھمکڑا	کروفر
جھمیلا	بکھیڑا
جھنجھٹ	حجت، قضیہ
جھنڈ کے جھنڈ	غول کے غول
جھوٹ موٹ	یونہی، مذاقاً
جھورنا	سوچ میں ڈوب جانا
جھوک	ہچکولا
جھول	سلوٹ
جھول جھال	ڈھیل ڈھال
جھولا	پالنا
جھونپڑا	پھونس کا چھپر
جھونپڑا ہوٹل	سستا ریستوران
جھونک	جھوکا
جھونگا	روکن، تول میں اضافی مقدار
جھینپ	شرمندگی
جھیر جھیر	دھجی دھجی
جھیلنا	برداشت کرنا
جھینگا	چھوٹی مچھلی

چ

چاپ	آہٹ
چاٹ	ذائقہ
چار پائی ہوٹل	سڑک کنارے کا ریستوران
چار زانو	آلتی پالتی
چار سو بیس	دھوکے باز، فراڈ
چار سو بیسی	جعل سازی
چار کھونٹ	چار سو
چاڑ	شکایت، شکوہ
چاڑی	چغلی، غیبت
چاکو	چاقو کا تلفظی بگاڑ
چال	رفتار
چال چلن	رنگ ڈھنگ
چال ڈھال	طرز، روش
چال کرنا	فریب دینا
چالو	چلتا ہوا، گزارے لائق
چالو ہونا	کام کا آغاز
چالیسیا	چالیس برس کی عمر کا

چاپ	حسین اور خوب صورت
چاؤ	خواہش، تمنا
چائے پانی	معمولی ضیافت
چائیں چائیں	شور و غل
چبارا	کوٹھا
چبھن	کھٹک، تپک
چپڑ چپڑ	بک بک
چپڑ قناتیا	بے وقوف
چپڑ قناتی	اجنبی، بیگانہ
چپ	خاموش
چپ چاپ	موبائل فون کا سائلنٹ ہونا
چپ چپاتے	خفیہ طور پر
چپا چپا	جگہ جگہ
چپت	دھول دھپا
چپک	چیپ
چپکو	نتھی ہو جانا
چپکی	خاموشی
چپیٹ	تھپڑ
چتر	چالاک ہوشیار
چتون	نگاہ کا انداز

چتھاڑ	ذلت، خواری
چٹ	فی الفور
چٹان پڑھ	اجہل
چٹاچٹ	پے در پے
چٹ پٹ	یکایک
چٹ پٹ	متفرق خرچ
چٹا	صاف؛ گورا
چٹی	غیر متوقع خرچ
چٹخارا	ترشی کا ذائقہ
چٹکلا	لطیفہ
چٹکی چٹکی	تھوڑا تھوڑا
چٹکیلا	بھڑکیلا
چٹورا	خوش خوراک
چخ	تکرار، قضیہ
چڈا	شارٹس
چڈی	زیر جامہ
چراغی	نذرانہ، بھینٹ
چرانا	بلاوجہ تنگ کرنا
چرٹ	سگار
چرچا	تذکرہ
چرچراہٹ	چڑچڑاپن
چرسیا	چرس پینے والا
چرغا	بھنا مرغ
چریا	خبطی، بے وقوف
چریا وارڈ	جیل کا خصوصی گوشہ
چڑ چڑ	بکواس
چڑیا بٹھانا	منظوری دینا
چڑھاوا	نذرانہ، بھینٹ
چڑھتے اترتے	کم و بیش
چسکا	چاٹ، مزہ
چسکی	گھونٹ
چک پھیری	چکر
چکتا کرنا	حساب بے باق کرنا
چکٹ	میلا کچیلا
چکرم	احمق
چکر مکر	دھوکا، فریب
چکری	چرخی
چکاس	شاندار، عمدہ، زبردست
چکو	چھوٹا چاقو
چکلا	چوڑا

چکما	فریب، دھوکا
چکنا چپڑا	بنا ٹھنا
چکنا چور	پرزے پرزے
چکولیاں	ایک قسم کی خوراک
چگلی	ذرا سی، چھوٹی سی
چل	خارش
چل بے	پرے ہٹ
چل پھوٹ	دفع ہو
چل چلاؤ	کوچ
چلتا چل	حرکت میں رہنا
چلا چلی	ہل چل
چلبلا	شوخ، چالاک
چلتا پرزہ	کائیاں
چلتا زمانہ	بڑھاپا
چلتا پھرتا	پھرتی، چالاکی
چلتے پھرتے	رواروی میں
چلّر	ریزگاری
چلّر فروش	چھوٹی موٹی چیزیں بیچنے والا
چلو بھر	تھوڑا سا
چلیپا	سولی، صلیب
چلے گا	گزارا ہو جائے گا
چماٹ	تھپڑ
چماچم	چمکنا
چمپت	بھاگ جانا
چمچو	نامعقول
چمچا	خوشامدی، چاپلوس
چم چم کرنا	چمکنا، بھڑکیلے لباس میں ہونا
چمک	بڑے پیمانے کی سیاسی رشوت
چمک پٹی	چمکیلے پلاسٹک کی شیٹ؛ رنگین فیتہ
چمٹ	بے عزت
چمکنا	حسین لگنا
چمی	بوسہ
چمونا	احمق
چناوٹ	چنائی
چناؤ	انتخاب
چنٹ	تیز، چالاک
چُنٹ	سلوٹ
چنچل	شوخ

چُندری	چنری، رنگین دوپٹہ
چنڈال	کمینہ
چنڈال چوکڑی	شرارتی بیٹھک
چنگا	اچھا بھلا
چُنگل	پنجہ
چُنگی	محصول
چنگیر	ٹوکری
چنگھاڑ	بھاری آواز
چُنّا / چُنّو	چھوٹا
چنیا	چھوٹی سی
چوبارا	کوٹھا
چوپال	نشست گاہ
چوپٹ	خراب، ویران
چوتھی	شادی کا چوتھا روز
چوحدی	چاروں طرف
چورس	ہموار، چوکور
چوکڑی	چھلانگ
چوکس	خبردار
چوکھٹ	دروازے کے چاروں کونے، آستانہ

چوکھ	چارستی
چوٹا	گھٹیا درجے کا چور
چوچلا	نخرہ
چور دروازہ	خفیہ دروازہ
چُورا	برادہ، ریزہ
چُورن	سفوف
چُوری	ناشتے کا پراٹھا
چَوڑا	کشادہ
چَوڑان	چوڑائی، عرض
چَوکھا	خالص، کھرا
چُول	جوڑ
چولا	ڈھیلا پوشاک
چولائی	ساگ
چولی	کرتی
چوما چاٹی	بوس و کنار
چونا لگانا	دھوکہ دینا
چونپال	چنپل
چونک	وحشت
چونگے باز	خوشامدی، عیار

چونی اٹھنی	کثیر العیال
چہرہ کرانا	تعارف کروانا؛ منہ دکھانا
چہک	خوش الحانی
چہکار	نوا سنجی (پرندوں کی)
چہل	مذاق
چہل پہل	رونق
چیپنا	سر تھوپنا
چیتا	ہوشیار، ذہین
چیتھڑا	ٹکڑا
چیسٹر	دھوکے باز
چیخم چاخ	چیخ پکار
چیر پھاڑ	کاٹ چھانٹ
چیرا	شگاف
چیز	چالاک؛ بڑا آدمی؛ خوب صورت لڑکی
بے تکے سوال	چغد
چیلا	مرید، خدمت گار
چینک	کیتلی
چیں بولنا	ہار ماننا
چیں چیں	لفظی تکرار

چھ

چھاپ/چھاپا	ٹھپا
چھاپنا	امتحان میں نقل کرنا
چھاپو	دھڑلے سے نقل کرنے والا
چھاتا	چھتری
چھاچھ	دہی کو بلو کر مکھن نکالنا
چھاں	عکس
چھاڑے باز	نظر باز
چھاوا	سایہ
چھاؤنی	فوجی کیمپ
چھایا	چھاؤں
چھانٹن	کترن، جھاڑن
چھانٹی	کاٹ چھانٹ، کمی کرنا
چھب	روپ، حسن
چھبڑا	ٹوکرا
چھپاکا	پانی ڈالنے کی آواز
چھپائی	امتحان میں کھلے عام نقل
چھتر کرنا	چھپا لینا

چھپر میں	خاموشی سے
چھپر	پھوس کا سائبان
چھپن چھری	شوخ چنچل
چھت بندی	چھت ڈالنا
چھتر	چمڑے سے ملزم کو مارنا
چھترول	ملزم پر تشدد کرنا
چھتنار	گھنا سایہ
چُھٹ بھیا	ادنیٰ
چھٹاپا	چھوٹا پن
چُھٹا	ریزگاری
چھٹکارا	نجات
چُھٹنکی	چھوٹی
چھٹی حس	کسی آنے والی صورت سے چونک پڑنا
چھنیلا	عیاش، لچا
چھجا	چھت کا بڑھا ہوا حصہ
چھچھلتی	سرسری
چھچھورا	سفلہ، کمینہ
چھدا	تہمت، بہتان
چھدرا	جھرجھرا

چھدرانا	پھیلانا
چھدے مدے	ننھے بچے
چھڈو	چھوڑ دو
چھڑ	چوب، نیزے کی لکڑی
چھڑا	کنوارا
چھڑا چھانٹ	بالکل اکیلا
چھکا چھک	بھرا ہوا
چھکڑ	دھول
چھکڑا	سامان لادنے کی گاڑی
چھکے چھوٹنا	بد حواس ہونا
چھل بل	حیلہ، شوخی
چھلا	کڑا، کنڈا
چھلاوا	چلبلاپن
چھلچھلاہٹ	سرسراہٹ
چھلکا	چھال
چھلنی	چھاننے کا آلہ
چُھلیا	فریبی
چھم چھم	آہستہ آہستہ
چھمیا	معشوقہ

چھنال	فاحشہ
چھند ماترا	شعر کا وزن
چھنگا	چھ انگلیوں والا
چھننی	غربال
چھوچھا	پڑھ کر پھونکنا
چھوٹ	چھٹکارا
چھوٹا	کام سیکھنے والا نوعمر
چھوٹا گوشت	بکرے کا گوشت
چھوٹتے ہی	فوراً
چھوٹے بڑے	اعلیٰ اور ادنیٰ
چھورا	غلام، چھوکرا
چھوڑنا	گپ ہانکنا، اجازت دینا
چھوڑو	گپ باز
چھولداری	چھوٹا خیمہ
چھونی	کھرپی
چھوئی موئی	نازک مزاج
چھیڑ چھاڑ	ہنسی مذاق
چھیلا	بانکا، رنگیلا

ح

حاصل حصول	بے فائدہ
حال فی الحال	وقتی طور پر
حد باندھنا	سرحد مقرر کرنا
حد کے اندر	احاطے میں
حرب ضرب	ہر گھڑی
حرصا حرصی	دیکھا دیکھی
حرصی	لالچی
حساب سے	اندازاً
حسرت بھرا	پُر شوق
حشر مچانا	شور اٹھانا
حشر نشر	ستیاناس
حصہ لگانا	بانٹنا
حق حق کرنا	توبہ کرنا
حلق سے اترنا	گوارا ہونا
حلوا سمجھنا	آسان سمجھنا
حلوہ	نہایت آسان
حواس پکڑو	عقل سے کام لو
حوالی موالی	نوکر چاکر

حور	بہن
حیاتی	زندگی، عمر
حیران کرنا	تنگ کرنا

خ

خاص کر	خصوصاً
خاصا	موزوں
خاک پھانکنا	آوارہ پھرنا، جھوٹ بولنا
خال خال	کوئی کوئی
خالی بیٹھنا	بے روزگار ہونا
خالی بھانڈا	محض دکھاوا
خالی پیلی	بلاوجہ
خالی خولی	کھوکھلا
خالی ہاتھ	ناداری
خاموشی	عورتوں کا کنایہ
خانہ خراب	کوسنا
خانہ خراب ہونا	کام بگڑ جانا
ختم	بے حد عمدہ، بے انتہا
ختم خوار	انتہائی چاہنے والا یا والی
خجل خوار	تھکا ہارا
خجل خواری	پریشانی
خدا خدا کر کے	بڑی مشکل سے
خدا گنج آباد کرنا	دار فانی سے کوچ کر جانا
خدا لگتی	حق بات
خراج	فضول خرچ
خراوی مراوی	خود غرض
خرچو	خرچ کرنے والا
خرخرانا	خراٹے لینا
خر دماغ	غصہ کا تیز
خسرا	خواجہ سرا
خشخشی	چھوٹی داڑھی
خلاملا	میل جول
خلاص	ختم
خلاص کر دینا	معاملہ نمٹا دینا
خوار	دیوانہ، عاشق
خواری	مصیبت، پریشانی
خیلاپن	بدسلیقگی

د

داب	وزن، دباؤ
دادا	بدمعاشوں کا سربراہ
دادا گیری	بدمعاشی
داسی	کنیز، خادمہ
داغ بیل	بنیاد
دال خور	جو گوشت نہیں کھاتے
دال دلیہ	معمولی خوراک
دالان	گھر کا بڑا سا سائبانی حصہ
دامن پسارنا	دامن پھیلانا
دان دینا	خیرات کرنا
دانہ دُنکا	تھوڑا سا
داؤ	چال
دبائے رکھنا	چھپانا، ظاہر نہ کرنا
دبکی لگانا	چھپانا
دبنگ	زبردست، بہادر
دبوچنا	قابو میں کرنا
دبے پاؤں	چھپ چھپا کر
دبیل	تابع
ڈپٹنا	ڈانٹنا
دتکار	ملامت، دھتکار
درگزرنا	طرح دینا، چشم پوشی کرنا
درنجن	بد زبانی
دُرموئے	دور ہو کم بخت
دراڑ	شگاف، رخنہ
درجنوں	کثیر
دردوں	درد کی جمع
دَرکنا	شگاف پڑنا
دری	فرش
دڑھیل	داڑھی والا
دستر	دستر خوان
دُسرا تیسرا کے	دوسری تیسری مرتبہ
دُسرانا	دہرانا
دوسراہٹ	رفع تنہائی
دشمنائی	دشمنی
دغیلا	مکار، فریبی
دکھاوا	نمائش
دُکھڑا	روگ

دَل	لشکر
دَل بادل	گہرا بادل
دُلار	لاڈ
دَلّا	درمیانی حوالہ
دَلتہ راشہ	یہاں آؤ
دُلکی	گھوڑے کی ایک چال
دُلکھنا	بات کاٹنا
دم بھرنا	تعریف کرنا
دم درود ہونا	مضبوط ہونا
دم سادھنا	چپ ہونا
دم لو	صبر کرو
دُم پر پاؤں	تکلیف دینا
دُم چھلا	کسی کے ساتھ مستقل رہنا
دَمک	چمک، تابش
دن بدن	روز روز
دن ڈھلے	دوپہر کے بعد
دن کے دن	اسی دن
دن ہوگئے	مدت ہوگئی
دنادن	تواتر
دو ایک	تھوڑے
دو بول	نکاح
دو جی	منافق
دو ٹوک	فیصلہ کن
دو چار ہونا	آمنا سامنا
دو دھاری	انتہائی تیز
دو رہا	دو طرف جانے والا راستہ
دو کوڑی کا	گھٹیا
دولتی	گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں سے مارنا
دونوں وقت	جھٹ پٹا، شام
دوہتڑ	دونوں ہاتھ زانو پر مارنا
دوائی	دوا کا بگاڑ
دوالیا	قلاش
دُوبھر	دشوار
دُوجا	دوسرا
دودھ کا دودھ	کھرا انصاف
دور بھاگنا	گریز کرنا
دور دور	پرے پرے
دُور سرک	پرے ہٹ
دوڑا دوڑی	بھاگم بھاگ

دوڑ جانا	منتشر ہو جانا
دوغلا	دو نسلا، دو رخی بات کرنا
دونا	دگنا
دوہائی	فریاد
دوئی	دو ہونا
دوئی ڈالنا	غیریت پیدا کرنا
دوناں دوں	چار گنا
دوہرا تہرا	سہ چند
دہاڑنا	شور پیدا کرنا
دہرائی	تکرار
دہریا	منکرِ خدا
دہکتا	جلتا ہوا
دہلنا	خوفزدہ ہونا
دے مارنا	زمین پر پٹکنا
دیا لیا	خدا کی راہ میں کی ہوئی نیکی
دیر تک	مدت تک
دیری	دیر، تاخیر
دیسوال	دیسی آدمی
دیکھ بھال	نگرانی
دیکھ داکھ	دیکھ کر
دیکھا بھالا	آزمودہ
دیکھا دیکھی	نقل
دیکھا نہ بھالا	جان نہ پہچان
دیکھتے دیکھتے	بہت جلد
دیکھو جی	توجہ کرو
دینا نہ لینا	بے فائدہ
ڈیوس	کام بگاڑو، فریب

دھ

دھاچک	اندیشہ
دھارا	بہاؤ
دھاک	رعب داب، شان و شوکت
دھام	دھوم کا تابع مہمل
دھان پان	دبلا پتلا
دھاندلی	بدمعاشی
دھاوا	چڑھائی
دھبا	داغ
دھپ	ہاتھ مارنا
دھپا	چانٹا

دھت	لت، دھن
دھج	طرز، روش
دھجی	کاغذ یا کپڑے کا ٹکڑا
دھچکا	صدمہ، جھٹکا
دھکڑ پکڑ	گرفتاری
دھر	کمائی کا ذریعہ
دھرما دھری	قسما قسمی
دھرنا	احتجاجاً بیٹھ جانا
دھڑ دھڑ	کھٹکھٹانا
دھڑا بندی	گروہ بندی
دھڑام	گرنے کی آواز
دھڑکا	خوف، اندیشہ
دھکا	ہچکولا
دھکا پیلی	ہجوم کے دھکے
دھکیلنا	دھکا دینا
دھم دھمانا	ڈھول بجانا
دھما چوکڑی	ہنگامہ
دھمال	فقیروں کا رقص
دھمکی	ڈرانا
دھن جاگ	خوش نصیبی
دھند	کہر
دھندا	کام، پیشہ
دھندلاہٹ	دھندلا پن
دھنک	قوس قزح
دھوبی پاٹ	کشتی کا ایک داؤ
دھوکا دھڑی	چھل، دغا
دھول دھپا	چھیڑ چھاڑ
دھوم دھڑکا	شور شرابا
دھونی	فقیروں کا الاؤ
دھوون کوٹھڑی	واش روم
دھویا دھایا	صاف ستھرا
دھیرا	دھیما
دھیرے دھیرے	آہستہ آہستہ
دھیلا دمڑی	پیسہ
دھینگا مشتی	ہاتھا پائی

ڈ

ڈاب	کچا ناریل
ڈاٹ	ڈھکنا
ڈار	پرندوں کی قطار

ڈاکا	قزاقی، رہزنی
ڈال	ٹہنی، شاخ
ڈانٹ ڈپٹ	دھمکی، ڈرانا
ڈانڈا	سرحد، سرا
ڈانگر	لاغر
ڈانواں ڈول	پریشاں حال
ڈبل کا میٹھا	شاہی ٹکڑا
ڈٹ جانا	جم جانا
ڈراوا	دھمکی
ڈرتے ڈرتے	محتاط رہتے ہوئے
ڈسیلا	ڈسنے والا
ڈفلی	ڈھولک
ڈکیت	لٹیرا
ڈگ بھرنا	قدم اٹھانا
ڈگا	بھاری بھر کم
ڈگری	تان
ڈگمگ	لڑکھڑانا
ڈنٹھل	شاخ
ڈنڈا ڈولی	کسی کو پکڑ کر اٹھانا
ڈنڈ پیلنا	ورزش کرنا
ڈنکا	نقارہ
ڈوڈے	روئی
ڈورا	دھاگا
ڈورا ڈالنا	پھانسنا
ڈولا	پالکی، محافہ
ڈول ڈالنا	تعلق پیدا کرنا
ڈولی	سواری، پالکی
ڈومنی	کوٹھے والی
ڈونگا	برتن
ڈوئی	کفگیر
ڈھکان	ڈھیر، انبار
ڈھگو	بے وقوف
ڈیرا	خیمہ
ڈیرے دار	مستقل رہائش والا
ڈیرھیا	اسٹوڈیو اپارٹمنٹ
ڈیل ڈول	قامت وجسامت
ڈینگ مارنا	شیخی بگھارنا
ڈیوڑھا	ایک اور آدھا
ڈیوڑھی	آستانہ، درگاہ

ڈھ

ڈھابا	کھانے پینے کا چھوٹا اور معمولی سا ہوٹل
ڈھاٹا	کپڑے سے منہ چھپانا
ڈھارس	تسلی، سہارا
ڈھال	دفاعی ذریعہ
ڈھب پر لانا	راستے لگانا
ڈھب کڈھب	جا و بے جا
ڈھبیلا	سجیلا
ڈھٹائی	بے شرمی
ڈھرا	راستہ
ڈھکوسلا	چوچلا
ڈھلان	نشیب
ڈھلت	سانچے میں ڈھالنا
ڈھلمل	متذبذب
ڈھنڈار	ویران مکان
ڈھنڈورا	منادی، اعلان
ڈھنڈورچی	منادی کرنے والا
ڈھوک	ٹال مٹول
ڈھول	طبل
ڈھول ڈھمکا	بجا گاجا
ڈھونڈ ڈھانڈ	کھوج، تلاش
ڈھونگ	ریاکاری
ڈھیٹ	گستاخ، بے باک
ڈھیری	چھوٹا سا انبار
ڈھیل	وقفہ، مہلت
ڈھیلا	کھلا ڈھلا

ذ

ذات پات	حسب نسب
ذرا سا	تھوڑا سا
ذرا کی ذرا میں	تھوڑی ہی دیر میں
ذریعہ نکالنا	وسیلہ پیدا کرنا
ذیل میں	تحت میں، نیچے

ر

راتا رات	رات بھر میں
راج پاٹ	تخت و تاج
راج دُلارا	راجہ کا بیٹا
راج دھانی	دارالحکومت
راج مستری	مکان بنانے والا
راشہ راشہ	آؤ آؤ
راگ دینا	بے وقوف بنانا؛ عذر پیش کرنا
راگ رنگ	عیش و عشرت
راگ مالا	موسیقی کی کتاب
رال	لعابِ دہن
رام رولا	مذہبی جوش
راہ سے بے راہ ہونا	گمراہ ہونا

اُس کے کوچے میں بھی ہو راہ سے بے راہ نصیر
اتنے آئے تھے تو آواز لگاتے جاتے
نصیر ترابی

راؤ چاؤ	ناز و نخرہ
رائی کائی	ریزہ ریزہ
رٹا فکیشن	زبانی یاد کرنا
رپٹنا	پھسلنا
رتن مالا	ہیروں کا ماہر
رتّی بھر	تھوڑا سا
ریتلا	ریت ملا
رٹ	تکرار
رٹو	رٹنے والا
رج مان	خودداری
رجواڑا	راجہ کی عمل داری
رجھانا	لُبھانا، مائل کرنا
رج	رغبت
رچاؤ	رچنے کا عمل
رچاوٹ	شوخی
رچنا	گیت، نظم
رڑا جمانا	اینٹ پر اینٹ لگانا
رڑی	کچرا
رس	شیرہ
رس بھری	خوش ذائقہ
رسان	نرمی، آہستگی
رسانا	ٹانکا لگانا

رسیا	مشتاق
رسیلا	بانکا
رضیہ غنڈوں میں پھنس گئی	مذاق کا نشانہ بن جانا
رعب داب	دھاک
رفتہ رفتہ	بتدریج
رکابی چہرہ	گول چہرہ
رکاؤ	رکاوٹ
رکیک	نازک
رکھار کھایا	باسی
رکھنی	داشتہ
رگانا	تنگ کرنا
رگڑا	مانجھا، چکانا
رگڑا جھگڑا	بحث مباحثہ
رگڑا دینا	پریشان کرنا
رگے دینا	زچ کرنا
رل مل	مخلوط ہونا
رن بن	جنگل بیابان
رنڈوا بھنڈوا	خانہ خراب
رنگ بھنگ	ہنسی مذاق
رنگ رلیاں	عیش و عشرت
رنگروٹ	نوآموز
روانا	رونے پر آمادہ
روپ	وضع، بھیس
روپا	چاندنی
روتے پھرنا	فریاد کرنا
روٹھا راٹھی	ناراضی
رور	بھائی
روڑا	مزاحمت
روز کا قصہ	معمول کا جھگڑا
روک تھام	انسداد
روک ٹوک	پوچھ گچھ
روکڑا	روپیہ
روکھا پھیکا	بدمزہ
روکھا سوکھا	سادہ سادہ
روگ دھوگ	مصیبت
روگی	دکھی
روگی سوگی	مغموم
رولا	شور، بکھیڑا
رومانی	عشقیہ

روند ڈالنا	پامال کرنا
رونق میلہ	گہما گہمی
رو گھٹنا	زوال
رہا سہا	بچا کچا
ربط	تسلسل
رہنا سہنا	گزر بسر
ریت	رسم و رواج
ریتنا	رگڑنا
ریجھنا	مائل ہونا
ریزگاری	متعدد بچے؛ کھلے پیسے
ریڑھ لگانا	خراب کرنا
ریشائیل	داڑھی والا
ریکارڈ لگانا	مذاق اڑانا
ریکھ	لکیر
رل پیل	افراط، بہتات
ریلم ریلا	دھکم دھکا
رین چین	رات کا سکون
ریوڑ	بکریوں کا غول

ز

زبان سنبھالو	بدزبانی مت کرو
زبانی جمع خرچ	فضول باتیں
زپاٹا	تیزی
زٹل	لغویات
زچ	عاجز، تنگ
زد پڑنا	نقصان ہونا
زک پہنچانا	نقصان دینا
زمانہ برتنا	تجربہ کاری
زمانے کا زمانہ	تمام لوگ
زناٹا	زوردار
زندے	زندہ لوگ
زور لگانا	کوشش کرنا
زہر باتیں	جلی کٹی باتیں
زہر مار کرنا	مجبوراً کھانا
زیٹ زپٹ	بکواس

س

سابقہ پڑنا	واسطہ پڑنا
سات پیڑھی	سات پشت
سات سمندر پار	بہت دُور
ساتھ ساتھ	ہمراہ
ساتھ گھسیٹنا	زبردستی شریک کرنا
ساٹھا پاٹھا	ساٹھ برس کا
ساجھا	حصے داری
سادھو	فقیر، درویش
سارا گھر لیپ کر ہاتھ کالا	لایعنی کوشش
ساڑھ ستی	سات سال تک زحل کی نحوست
ساکھ	اعتبار
ساگ پات	ترکاریاں
سان نہ گمان	بے خبری
سانٹھ گانٹھ	سازش
سانجھ سویرے	صبح شام
سانچا	ڈھانچا

سانڈ	لحیم شحیم
سانولا	نمکین، ملیح
سانولا سلونا	خوش گوار، پسندیدہ
ساہتیا	ادبیات
ساہو کار	سوداگر
سائیڈ مارنا	راستہ تنگ کرنا
سائیں	مالک، درویش، فقیر
سائیں سائیں	ویرانی

دل تو میرا اداس ہے ناصر
شہر کیوں سائیں سائیں کرتا ہے
ناصر کاظمی

سبز پری	بھنگ
سبھاو	برتاؤ، عادت
سپاٹ	ہموار، برابر
سپاٹا	چھلانگ، دوڑ
سپاری دینا	قتل کروانا
سپڑ سپڑ	کھانے کی آواز
سپیرا	سانپ کا تماشا کرنے والا
ست	جوہر، لب لباب
ست لڑا	سات لڑیوں کا ہار

سُتنا	پتلا ہونا
ستواں	نازک
ستھرا	صاف
ستھرائی	صفائی
سُتھن	شلوار
ستیاناس	بربادی
سَٹ	قلم سا، چوٹ
سُٹ	بچھیکو
سٹّا	لمبا کش
سٹا پٹا	خرید و فروخت
سٹپٹانا	گھبرا جانا
سٹکنا	کھسک جانا
سٹول	چھوٹی میز
سُدھ	ہوش، حواس
سج دھج	سجاوٹ
سجیلا	بنا ٹھنا
سجل	آراستہ
سجن	محبوب
سچ مچ	ہو بہو
سُتری	پتنگ کا سفید دھاگا
سُدھ بُدھ	ہوش، حواس
سدھارنا	رخصت ہونا
سُدھارنا	درست کرنا
سڈول	خوش نما، خوبصورت
سر اُٹھا کر چلنا	اترانا

نثار میں تری گلیوں پہ اے وطن کہ جہاں
چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے
فیض احمد فیض

سر پر سے گزرنا	سمجھ نہ آنا
سرپنچ	پنچایت کا سردار
سر پھٹول	سر پھوٹنا
سر توڑ	سخت کوشش
سرزوری	سرکشی
سرا	کنارا
سُراغی	سراغ رساں، جاسوس
سرپٹ	تیز بھاگنا
سُرخا	اشتراکی
سرگٹ	سگریٹ کا بگاڑ
سرہانا	بالیں
سڑانا	جلانا

سڑپے مارنا	سڑک کر پینا، بد تمیزی سے کھانا
سڑنا	کڑھنا
سِڑی	پاگل
سڑیل	نکما، خراب
سڑھائی	سخت چڑھائی
سُسرالیا	سُسرالی عزیز
سُسرائیل	سُسرال
سکت	توانائی
سکڑا	سمٹا ہوا
سلفی	چھوٹی چلم
سلوٹ	شکن
سلوکا	بنڈی
سلیمانی پان	بغیر کتھے چونے کا پان
سلیمانی چائے	بغیر دودھ کی چائے، قہوہ
سمجھ بوجھ	فہم و فراست
سمجھوتا	مفاہمت
سمیٹنا	جمع کرنا
سن گن	خفیہ خبر
سناٹا	ہو کا عالم

سنگت	صحبت
سنگی	دوست
سُنی سنائی	افواہ
سو میں ایک	بہت کم
سواری	مسافر
سُوانگ	تماشا
سوت	ایک انچ کا آٹھواں حصہ
سُوتنا	جذب کرنا
سوٹا	سگریٹ کا کش
سوچ ساچ	غور و فکر
سودا پٹنا	معاملہ طے ہو جانا
سُورما	دلیر، شجاع
سوڑنا/سوڑھنا	ڈٹ کے کھانا
سوکھی تنخواہ	محض تنخواہ
سوگی	سوگوار
سونپنا	سپرد کرنا
سونٹا	لاٹھی
سُوندھا	خستہ
سویر	دیر کی ضد
سہارنا	برداشت کرنا

سیان پتی	ازحد ہوشیاری
سیانا	چالاک
سیٹنگ کرنا	آمادہ کرنا
سیدھا پن	راستی
سیدھا سادھا	بھولا بھالا
سیدھی گالی	صاف گالی
سیکھتڑ	نوآموز
سیکو	ٹوسٹر
سین پارٹ	عجیب واقعہ
سین ہونا	واقعہ پیش آنا
سینت رکھنا	سنبھال رکھنا
سینہ گزٹ	سینہ بہ سینہ گفتگو، فحش باتیں
سیون اُکھڑنا	برداشت سے باہر

ش

شارٹ	کم یاب
شرما حضوری	آنکھ کی شرم
شرما شرمی	شرم وحیا
شطرنجی	دری، دبیز فرش
شکل گم کرو	دفع ہو جاؤ
شگونیا	نجومی، فالیا
شلنگ بھرنا	اُچھلنا
شلوکا	کُرتا
شمیض	لباس کے نیچے پہننے کی قمیض
شوباز	دکھاوا کرنے والا
شوشا	ظاہری آرائش
شو مارنا	اپنی کسی خوبی پر اکڑنا
شوشہ چھوڑنا	شرارت کرنا، نئی بات نکالنا
شوں شاں	نمود ونمائش
شُہدا پن	بدمعاشی
شے	چلتا پرزہ
شیان پتی	حد سے زیادہ ہوشیاری
شیخ جی	عابد و زاہد
شیطان کے کان بہرے	خدا کرے کوئی سن نہ لے

ص

صاحبزادہ پن	نادانی، ناتجربہ کاری
صاحب سلامت	آپس میں سلام دعا

صاحبو	اے لوگو
صاحبی کرنا	رُعب ڈالنا
صاد کرنا	منظور کرنا
صاف تو یہ ہے	اصل تو یہ ہے
صاف جواب	انکار
صاف کہنا	علانیہ کہنا
صبحِ بنارس	اشنان سے گھاٹ کی رونق
صبح کا بھولا شام کو گھر آئے	غلطی کا اعتراف اور راہِ راست پر آجانا

کچھ دن سے ہے اُس نیم نگاہی کا یہ عالم
اک صبح کا بھولا ہوا جو شام کو گھر آئے

عزیز حامد مدنی

صحت پر اثر نہ پڑنا	فرق نہ پڑنا
صحنک سے اُٹھ جانا	بدچلن ہونا
صحیح کا	کما حقہ؛ عمدہ
صَرفِ نظر کرنا	نظر انداز کرنا
صف روشن کرنا	چراغ جلانا
صفا	سیدھا
صفا چٹ	بالکل صاف
صلواتیں سنانا	بُرا بھلا کہنا
صورت بگاڑنا	ناخوشی ظاہر کرنا
صورت تو دیکھو	طنزاً نااہل
صورت حرام	ظاہراً بھولا بھالا باطناً عیار

مجھ سے معنی شناس پر جادو
حسنِ صورت حرام کیا کرتا

یگانہ چنگیزی

ض

ضامنی میں دینا	سپردگی میں دینا
ضد کرنا	ہٹ دھرمی کرنا
ضدم ضدا	ایک دوسرے کے خلاف ہونا

ط

طاق بھرنا	چراغ جلانا
طاق کرنا	یکتا کرنا
طبق اُلٹنا	زوال
طبلیا	طبلہ ساز
طبیعت کھلنا	فرحت ہونا

طبیعت نہ لگنا	جی اُچاٹ
طبیعت ہونا	رغبت
طرح دے جانا	چشم پوشی
طرم خاں	ڈینگ باز
طعنے تشنے	طعنہ زنی
طفیلیا	خوشامدی
طلاقن	مطلقہ
طمنچہ	چھوٹا ہتھیار
طنبی	کھڑکی
طور بے طور	تہ و بالا

ظ

ظلم ظلمی	جبراً
ظہورا	رونق

ع

عجب دھج	عجب طرح کی
عجب کیا ہے	کچھ تعجب نہیں
عقل خرچ کرنا	غور و فکر
عقل کا اندھا	بے وقوف
علامہ	(طنزاً) اجہل
علی غول	مسلمانوں کا ایک گروہ
علیک سلیک	شناسائی
عمر پٹا	عمر بھر کا ٹھیکہ
عیب اُچھالنا	مخفی تشہیر کرنا
عیبی	عیب دار
عین مین	ہو بہو
عین غین	بالکل ایک جیسے

غ

غائب غلا	روپوش
غپ شپ	اِدھر اُدھر کی باتیں
غپا غپ	پے در پے
غٹا غٹ	پینے کی آواز
غچا	دھوکہ، فریب
غچا غچ	بھیڑ، اژدہام
غرّانا	غصہ
غراہٹ	غصے کی آواز

غرق ہو جاؤ	دفع ہو جاؤ
غرّہ	غرور
غڑاپ	ڈوبنے کی آواز
غضب برتنا	ہنگامہ کرنا
غضب خدا کا	خوف خدا کرو
غفلتی	بے پرواہ، غافل
غل غپاڑا	شور و غوغا
غلافنا	پوشیدہ رکھنا
غلافی آنکھ	بڑی آنکھ
غم پالنا	بکھیڑا اُٹھانا
غم غلط ہونا	غم کو بھولنا
غنڈا	بدمعاش (غُنڈا صحیح ہے)
غنڈا ٹیکس	بھتا
غنیمت ہونا	قابل شکر
غول کے غول	گروہ کے گروہ
غوں غاں کرنا	ننھے بچوں کا پالنا
غیر سمجھنا	اجنبی خیال کرنا
غیرت کا مارا	شرم و لحاظ کا پابند
غیرت برتنا	اجنبی سمجھنا
غین مین	تکرار
غین غین	سماجت، عاجزی
غین ہونا	نشے میں چور ہونا

ف

فارمولا	کُلیہ
فاش غلطی	کُھلی غلطی
فاش ہونا	ظاہر ہو جانا
فاقہ مست	فاقے میں بھی بے فکری
فال نکالنا	شگون دیکھنا
فالتو	اضافی، زائد
فالتو ٹیم	فارغ وقت
فالودہ بن جانا	بُھرکس نکل جانا
فتنی	مکار عورت
فتور اُٹھانا	ہنگامہ کرنا
فٹ نوٹ	حاشیہ
فٹافٹ	فوراً
فٹّا	اسکیل
فرّاٹا	تیزی سے
فراڈیا	نوسرباز

فرشتہ	خفیہ پولیس
فرض بننا	لازم ہونا
فرلو	غائب ہونا
فرمانا	بیان کرنا
فرنٹ ہو جانا	مخالف ہونا
فری پورٹ	طوائف
فریادُو	فریادی
فریبیا	مکار
فسادی	جھگڑالو
فصلیا	فریبی، دغاباز
فل فلیش	مکمل طور پر
فلائنگ کوچ	تیز رفتار بس
فلم	چالاک آدمی؛ نقشے باز
فلم نکالنا	مضحکہ اڑانا
فن کار	(طنزاً) دھوکے باز
فوتگی	وفات
فوٹو گم کرو	نظروں سے دُور ہو جاؤ
فیشنی	فیشن ایبل
فی نکالنا	خواہ مخواہ اعتراض کرنا

ق

قابوچی	مفسد، خود غرض
قاش قاش	پھانک پھانک
قاف تا قاف	ایک سرے سے دوسرے سرے تک
قبولنا	منظور کرنا
قد کاٹھ	ڈیل ڈول
قدم باہر نکالنا	حد سے باہر ہونا
قدم کہیں کا کہیں پڑنا	لڑکھڑانا
قرآن درمیان	قول کی سچائی کے لیے
قسما قسمی	عہد و پیمان
قصور معاف	گستاخی کی تلافی
قلاش	مفلس، کنگال
قلعی اُترنا	ملمع اتر جانا، عیب ظاہر کرنا
قومیانا	قومی ملکیت میں لینا
قیامت پر قیامت	مصیبت پر مصیبت

ک

کاتا اور لے دوڑی	پیٹ کے ہلکے
کاتنا	سوت بنانا
کاٹ	گھاؤ، زخم
کاٹ چھانٹ	تراش خراش
کاٹ کوٹ	چیر پھاڑ
کاٹو	کاٹنے والا
کاٹھ کا اُلو	احمق، بے وقوف
کاٹھ کباڑ	روڑی سامان
کاٹھی	جسم
کاج	کام
کاچھا	جانگیا
کارن	سبب، واسطہ
کارچن	کارچوبی، زردوزی
کاغذ کھولنا	راز فاش کرنا
کاغذ کی ناؤ	ناپائیداری

امیر شہر نے کاغذ کی کشتیاں دے کر
سمندروں کے سفر پر کیا روانہ ہمیں
محسن احسان

کالا بھجنگ	بہت کالا
کالا کلوٹا	بہت سیاہ
کالک	رسوائی، عیب
کالیا	کالا آدمی
کام پڑنا	تعلق ہونا، پالا پڑنا
کام چلاؤ	کام نکالنے کے قابل
کام دھندا	کاروبار
کام چوپٹ	کام خراب ہونا
کام سے کام	اپنے کام سے غرض
کان بھرنا	لگائی بجھائی کرنا
کانا پھوسی	سرگوشی
کاہے	(حرفِ استفہام) کیوں، کس لیے
کائیاں	چالاک
کائیں کائیں	شوروغل
کایا پلٹ	قالب کا بدلنا
کب کب	کس کس وقت
کباڑ	پرانا سامان
کپا	موٹا، فربہ
کپٹ	کھوٹ، چھل

کپڑا لتّا	لباس، پوشاک
کتر بیونت	کانٹ چھانٹ
کترن	دھجی
کتنا ایک	کس قدر
کتنوں کا	بہت لوگوں کا
کتے کی دم	کج فہم
کٹ حجت	خواہ مخواہ بحث
کٹ خلا	نافہم
کٹاؤ	تراش خراش
کٹم	کنبہ
کٹنی	نائکہ، عیار
کٹوتی	منہائی، رعایت
کٹی چھٹی	عداوت
کٹیلا	نوک دار
کٹھور	سنگ دل، بے رحم
کچ پچ	کیچڑ
کچا پکا	نیم پختہ
کچا پن	ناتجربہ کاری
کچا چٹھا	تمام کیفیت

کچا گھڑا	کمزور سہارا

کچے گھڑے نے جیت لی ندی چڑھی ہوئی
مضبوط کشتیوں کو کنارا نہیں ملا

مصطفیٰ زیدی

کچوکا	ضرب، طعنہ
کچومر	ٹکڑے ٹکڑے
کچہری	گپ شپ، بیٹھک
کچی بولی	دیہاتی بولی
کچی نیند	ابتدائی نیند
کچھ اوپر	کسی قدر زیادہ
کچھ تو	تھوڑا بہت
کچھ چلی	کچھ زور چلا
کچھ سے کچھ کرنا	حالت بدلنا
کچھ کا کچھ	غلط سلط
کچھ کچھ	لگ بھگ
کُدکنا	اُچکنا، کودنا
کڈھ	نکالنا
کڈھب	بے موقع
کر گزرنا	ضد پر قائم رہنا
کرارا	سخت، کڑا

کرتا دھرتا	مختار
کرتبی	شعبدہ باز
کرتوت	ناشائستہ حرکات
کرکرا	کنکر ملا ہوا
کرنا دھرنا	بندوبست
کروڑی ایک	نہایت تجربے کی بات
کرید	چھان بین
کڑا	سخت، کرخت
کڑکا	تنگ دست
کڑی	لڑی
کڑیل	توانا
کسا کسایا	تیار
کساؤ	چستی
کسرت	ورزش
کسمساہٹ	اضطراب
کسیلا	بدمزہ
کک	صفر
کل بے کل	بے آرام
کل کلاں	آئندہ زمانہ
کلا خلا	رعب داب

کلوٹا	سیاہ
کلی	پانی کو منہ میں ڈال کر اگلنا
کلیجا چاہیے	ہمت چاہیے
کمانا دھمانا	دولت پیدا کرنا
کمر کمر	کمر تک
کنارے کنارے	الگ الگ
کنتھا	طوالت
کنجر	بھڑوا، دلال
کنجرے قصائی	ادنا درجے کے لوگ
کنچن	رقاصہ
کنڈا	وہ حلقہ جو کسی تار میں ڈالتے ہیں
کنڈی	حلقۂ در
کنگال	محتاج، مفلس
کنی کاٹنا	کترانا
کواڑ	دروازہ
کورا	سادہ، صاف
کوڑ	بے وقوف، احمق
کوڑی کوڑی	ذرا ذرا
کوسا کاسی	کوسنا، دعائے بد

کوسوں	دور تک
کُوک	سریلی آواز
کون	(حرف استفہام) غیر ذی حیات کے لیے سا اور سی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جبکہ ذی حیات کے لیے بغیر سا اور سی مستعمل ہے
کونہ کھدرا	گوشہ گوشہ
کوندا	بجلی کی چمک
کونڈا	برتن جس میں نیاز کی شیرینی رکھی جائے
کوئی دم کو	عن قریب
کوئی کوئی	اِکاڈکا
کہہ مکرنی	پہیلی
کہا سنا	گلہ شکوہ
کہانی جوڑنا	قصہ گھڑنا
کہاں کہاں	کس کس جگہ
کہتے سنتے	ہوتے ہوتے
کہرام	آہ و زاری، واویلا
کہنا سننا	دخل، رسائی
کہنے کو	برائے نام
کہی سنی	ورغلانا
کہیں کہیں	کسی کسی جگہ
کئی ایک	دو چار
کئی بار	کتنی دفعہ
کیا آئے کیا چلے	آتے ہی چلے جانا
کیا سے کیا	کچھ کا کچھ
کیل کانٹے	اوزار
کیلنا	کراہنا
کیوں بے	حقارتاً کیوں جی
کیوں جی	کیوں صاحب

کھ

کھابڑ	ناہموار
کھاتا	روزنامچہ
کھاٹ	چارپائی
کھانا اور غرانا	احسان فراموشی
کھانپ	قاش، ٹکڑا
کھانچا	ڈنڈی مارنا
کھانڈ	شکر، چینی
کھائی	گڑھا، خندق

کھپانا	برتنا
کھٹ پٹ	نااتفاقی
کھٹ کھٹ	ٹکرانے کی آواز
کھٹ راگ	جھمیلا، بکھیڑا
کھٹاس	ترشی
کھٹکا	اندیشہ
کھٹیا	چارپائی
کھچا کھچ	بھرا ہوا
کھچا کھچا	کشیدہ، ناراض
کھچاؤ	کساؤ، تناؤ
کھینچم کھینچ	رسہ کشی
کھدرا	ناہموار، اونچا نیچا
کھڈا	گڑھا
کھرا	مسودہ، یادداشت
کھرا	خالص، نفیس
کھرا کھوٹا	اچھا برا
کھرا لینا	سراغ لگانا
کھرنڈ	زخم کے اوپر کا چھلکا
کھرچن	بچا کھچا
کھرے دام	پوری قیمت
کھرے کھرے	نقد
کھریرا	چارجر
کھڑا پانی	بند پانی
کھڑا دونا	حضرت علی کی نیاز
کھڑا کھیل	ترت کا معاملہ
کھڑاؤں	لکڑی کی جوتی
کھڑ پیچ	حجت
کھڑ دل	درشت، سخت
کھڑکا	آہٹ، کھٹکا
کھڑی بولی	مذکر زبان
کھڑی چوٹ	سیدھی چوٹ
کھڑے پاؤں	اسی وقت
کھڑے تڑے	کبھی کبھی
کھسر پھسر	کانا پھوسی
کھسیانا	شرمندگی
کھلا کھلا	صاف صاف
کھلاڑ پن	شوخی
کھلائی پلائی	تواضع
کھلبلی	ہل چل
کھلی کتاب	آشکارا، ظاہر

کھلپت	گرہ کٹ
کھندلنا	پامال کرنا
کھندت	شکستہ، منتشر
کھنک	اچھی آواز
کھوا	مونڈھا، کندھا
کھوٹ	میل، آمیزش
کھوٹا	ناقص
کھوٹی چال	ناقص وضع
کھوٹی گھڑی	برا وقت
کھوج	جستجو، سراغ
کھوسٹ	کہن سال
کھوکھا	کھوکھلا، خالی
کھولن	جلن، سوزش
کھونٹ	کونا، گوشہ
کھونٹا	میخ
کھپ	بھرتی، شمار
کھیپیا	بیرونِ ملک سے سامان لانے والا
کھیت بھر	ایک کھیت کے فاصلے پر
کھیت رہنا	مارا جانا
کھیس	اوڑھنے بچھونے والا کپڑا
کھیل بگاڑنا	رخنہ ڈالنا
کھیل تماشا	تفریحی مشغلہ
کھیلنا کھانا	مزے اڑانا، خوش باش رہنا

وہ جن دنوں میں کرم بے حساب تھا تیرا
وہی تو دن تھے مرے کھیلنے کے کھانے کے

احمد مشتاق

کھینچ کھانچ	زبردستی
کھینچم تانی	کشاکش

گ

گاجا باجا	ڈھول تاشے
گارا	گندھی مٹی
گاڑھا	کثیف
گالی گلوچ	باہمی دشنام
گانٹھ پڑنا	گرہ لگنا
گانٹھ گرہ	جیب
گاہی پٹنا	سودا ہو جانا
گپ	بک بک

گپ شپ	کھلی ڈھلی باتیں
گپ چپ	چپکے سے
گپیا	گپ مارنے والا
گت	حرکت، چال
گتھ جانا	بھڑنا
گتھم گتھا	لڑ پڑنا
گتھی	الجھاؤ
گٹ پٹ	غلط ملط
گٹھ جوڑ	بندھن
گٹھڑی	چھوٹا بنڈل
گجر	صبح کی نوبت
گجرا	کلائیوں کا ہار
گدرا	ادھ پکا
گدڑی	فقیروں کا جبہ
گدلا	گاڑھا، غلیظ
گذ	کیچڑ، میل
گڈمڈ	ملا جلا
گڈی	پتنگ
گرائیں	ایک ہی جگہ کے رہنے والے
گرگا	چیلا
گرما گرمی	تپاک
گرمائیہ	مائیکرو ویو
گرو	معزز، گھاگ
گروی	رہن
گڑبڑ	کھلبلی، بکواس
گڑگڑاہٹ	گرج
گڑگڑاہٹ	منت سماجت
گڑگی	پاجامہ
گڑھت	ڈھالنا
گلخپ	تکرار
گل چھرے	عیش و عشرت
گل کرنا	چراغ بجھانا
گلال باڑی	شاہی باغ
گلاوٹ	تحلیل
گلتھی	اُبلے ہوئے چاول
گلنا سڑنا	بوسیدگی
گلوری	پان کا بیڑا
گلے باز	خوش آواز
گلے پڑنا	پیچھے پڑ جانا
گمان بھرا	مغرور

گن	وصف، جوہر
گنتی	شمار، تعداد
گنجان	گھنا
گنجلک باتیں	پیچیدہ باتیں
گنڈا	لچا، اوباش
گنڈا تعویذ	جھاڑ پھونک
گنگا جمنی	ملا جلا
گنگناہٹ	دھیمی آواز سے گانا
گنوار	اَن پڑھ
گنی	ہنرمند؛ خدارسیدہ
گوالا	دودھ بیچنے والا
گوٹا کناری	لیس
گود پسارنا	دامن پھیلانا
گودا	مغز
گودی	آغوش، کنار
گوڈا	گھٹنا، زانو
گوراپن	صباحت
گوراچٹا	خوب صورت
گورکھ دھندا	بکھیڑا، بھول بھلیاں
گوریلا	غیر منظم فوج کا سپاہی
گوریلا جنگ	چھاپا مار کارروائیاں
گوڑنا	کام خراب کرنا
گول مول	مبہم بات
گومڑا	دُنبل، پھوڑا
گہرا	عمیق
گہما گہمی	چہل پہل
گئے گزرے	ناکارہ
گیان	علم، معرفت
گیانی	عالم، فاضل
گیدڑ بھبکی	دھمکی

گھ

گھات	تاک
گھاتو	دغاباز، مکار
گھاتیا	جو گھات میں لگا رہے
گھاٹا	نقصان، خسارہ
گھاٹی	پہاڑوں کا درمیانی راستہ
گھاس پھوس	کوڑا کرکٹ
گھاگ	تجربے کار

گھاگرا	لہنگا
گھامڑ	بدسلیقہ، پھوہڑ
گھاؤ	زخم
گھایل	زخمی
گھمبیر	الجھا ہوا
گھپ	نہایت تاریک
گھپلا	حساب میں گڑبڑ
گھٹاٹوپ	بادلوں کا اندھیرا
گھٹاؤ بڑھاؤ	کمی بیشی
گھٹائی	گھٹنا
گھٹس	دم گھٹنا
گھٹن	ہوا کا بند ہونا
گھٹنے ٹیکنا	شکست ماننا
گھٹی	فطرت، خصلت
گھچ پچ	جمگھٹا، بھیڑ
گھر بھر	گھر کے سب لوگ
گھر بیٹھے	خانہ نشینی
گھر جگت	کفایت شعاری
گھر گھاٹ	طور طریق، رنگ ڈھنگ
گھرکی	جھڑکی، ڈانٹ ڈپٹ
گھروا	چھوٹا گھر
گھروندا	ناپائیدار گھر
گھڑت	بنائی ہوئی بات
گھڑی دو گھڑی	تھوڑی دیر میں
گھسیٹنا	کھینچنا
گھگی	سہم جانا
گھلاوٹ	گداز پن
گھمنڈ	غرور، تکبر
گھمنڈی	مغرور
گھن گرج	زوردار، کڑک
گھن	کراہت، نفرت
گھنیرا	بہت گھنا
گھورا گھاری	نظر بازی
گھوسم گھوسا	مکے بازی
گھوم گھام	آوارہ گردی
گھومتا گھامتا	پھرتا پھراتا
گھونسلا	آشیانہ
گھونگریالے	بالوں کا پیچ و خم
گھیر	گھماؤ، چکر
گھیر گھار	محاصرہ

ل

لاپ — سیدھا سادا
لاپتا — گم، غائب
لاچار — بے بس، مجبور
لات — ٹھوکر
لاٹ — اونچا ستون
لاتھی پاتھی — زد و کوب
لاج — غیرت، شرم
لاجنا — شرمانا
لاد — لدا ہوا بوجھ
لادنا — بوجھ رکھنا
لادیا — بار بردار
لاڈ — اخلاص، محبت
لاڈلا — نازوں کا پالا
لارا — حیلہ، بہانہ
لارالیری — ٹال مٹول
لاڑا — دولھا
لاسا — چسکا، عادت
لاگ — تعلق، اُنس
لاگ رکھنا — عداوت کرنا
لاگ لپیٹ — طرف داری
لاگت — اصل خرچ
لاگو — عائد ہونا
لالچ — حرص، طمع
لالوں لال — نہایت شوخ
لالے — آرزو، اشتیاق
لام کاف بکنا — گالی گلوچ کرنا
لانبا — دراز قد
لاؤ لپیٹ — گول مول باتیں
لاؤ لشکر — ہجوم
لباڑی — بد دیانت
لبز سبز — پھوہڑ پن
لبلبی — بوسہ
لبھانا — للچانا
لبھاؤ — ترغیب
لپاڈگی — دھول دھپا
لپائی پتائی — پلستر کاری
لپ جھپ — پھرتی، تیزی
لپڑ سپڑ — بے ڈھنگا پن

لتھڑ	چاٹنا
لپک جھپک	جلد بازی
لپکا	عادت، چسکا
لپوڑیا	خوشامدی
لپیٹ لپاٹ	تہ کرکے
لت	خُو، عادت
لت پت	بھرا ہوا، آلودہ
لت گھت	خصلتیں، عادتیں
لتاڑ	سرزنش، دُھتکار
لترا	چاپلوس، طوطا چشم
لترول	جوتیاں پڑنا
لتے لینا	خبر لینا
لٹ	بالوں کی لَٹ
لٹ پٹ	پیچ در پیچ
لٹا پٹا	تباہ حال
لٹس	لوٹ کھسوٹ
لٹک	ترنگ، ناز و انداز
لٹکانا	معلق کرنا، انتظار میں طوالت
لٹو پٹو	مال و اسباب
لٹو ہونا	فریفتہ ہونا
لٹھ مار	ناخواندہ
لٹیا ڈبونا	حیثیت خراب ہونا
لجلجا	نرم و ملائم
لجیلا	شرمیلا
لچا	بے حیا، بے شرم
لچر	مہمل، پوچ
لچکا	ہچکولا
لچھا	دھاگوں کا حلقہ
لچھمی	دولت کی دیوی
لچھن	رنگ ڈھنگ، کرتوت
لدا پھندا	بہت بھرا ہوا
لداؤ	بوجھ
لدوائی	لادنے کی اُجرت
لڈی	پنجابی رقص
لرزنا	تھرتھراہٹ
لڑ بندی	فہرست
لڑبڑانا	لکنت
لڑت	کشتی
لڑکھڑانا	ڈگمگانا
لڑنا بھڑنا	آپس میں جھگڑا کرنا

لڑی	موتیوں کی مالا
لس	لعاب، لیس
لش پش	مضمحل
لشتم پشتم	جوں توں
لعل اگلنا	خوش کلامی
لفافہ بنانا	ظاہرداری
لفڑا	الجھاؤ
لفنگا	لچا، بدچلن
لکڑ توڑ	ثقیل
لکیر	سطر، رسم قدیم
لکیرنا	خط کھینچنا
لکھا پڑھا	خواندہ
لکھاری	مصنف
لکھت	تحریر، نوشتہ
لکھت پڑھت	معاہدہ
لکھیک	مصنف
لگ بھگ	قریب قریب
لگا	برابری، ہمسری
لگا سگا	میل جول، واقفیت
لگا بندھا	معین
لگاتار	پے در پے
لگائے رکھنا	مائل کرنا
لگانا بجھانا	غیبت
لگاوٹ	لگاؤ، تعلق
لگن	دھن، خیال
لگی لپٹی	طرف داری
لگی لگائی	مقررہ، طے شدہ
لگے ہاتھوں	ساتھ کے ساتھ
للت	مرغوب
للچاہٹ	لالچ، حرص
للکار	ہانک، پکار
للو پتو	چاپلوسی، خوشامد
للیانا	سماجت کرنا
لمبوترا	لانبا
لم تڑنگا	قدآور
لمبری	بدمعاش
لمڈا	لڑکا
لنڈورا	بے بس
لنگوٹیا	بچپن کا دوست
لنگھنا	عبور کرنا، الانگنا

لو	دھیان، توجہ
لو اور سنو	تعجب اور حیرت
لوپنا	بہلانا
لوٹ پوٹ	اوپر تلے
لوٹم لاٹ	کھلے عام لوٹنا
لوچ	نزاکت، لچک
لوڑھ	حاجت، خواہش
لوگ باگ	عوام
لونڈے لپاڑی	گپّی چھوکرے
لوہالاٹ	بہت مضبوط
لوہے کے چنے	مشکل کام
لبھاڑا	لین دین کا کھوٹا
لہر	ترنگ اُمنگ، موج
لہر بہر	آسودگی، خوشحالی
لہلوٹ	بے تاب، بے قرار
لہولہان	خون آلود
لے پالک	گود لیا ہوا
لے دے	لعنت، ملامت
لیے بیٹھنا	ضد کرنا
لیے پھرنا	بار بار ذکر کرنا
لیپا پوتی	بات بنانا
لیچڑ	بد معاملہ
لین دین	حساب کتاب

م

ماپ	پیمائش، جانچ
مات دینا	شکست دینا، زک پہنچانا
ماتھا ٹیکنا	سجدہ کرنا
ماٹھا	کمزور
مار دھاڑ	فساد، زد و کوب
ماڑا	غریب؛ کمزور
ماسی	خالہ
ماتڑ	مہاجر
مالا پھیرنا	تسبیح پڑھنا
مان بھری	آرزو مند
ماند	بے رونق
مانگا تانگا	مستعار لیا ہوا
مانی تکر	روٹی
ماوا	اصل، جوہر
ماہیا	محبوب، معشوق

مَنّی کالال	سورما، بہادر
مت	ہرگز نہیں

ہستی کے مت فریب میں آجائیو اسدؔ
عالم تمام حلقۂ دامِ خیال ہے
غالب

متر	دوست
متوالا	مخمور، مدہوش
مٹاپا	فربہی، موٹاپن
مٹی پاؤ	جھگڑا ختم کرو
مٹیار	دوشیزہ
مٹھ بھیڑ	آمنا سامنا
مٹر گشت	ہوا خوری
مٹک چٹک	طراری
مٹھارنا	پھیلانا، فراخ کرنا
مٹیار	گدلا، مکدر
مجاز رکھنا	طاقت رکھنا
مجذوب کی بڑ	بے سروپا باتیں
مچا مچ	لبریز، لبالب
مچلنا	ہٹ دھرمی
محاورہ ڈالنا	مشق کرنا، عادت ڈالنا
مخول	مذاق
مخولیا	مسخرہ
مدبھرا	نشیلا
مداری	شعبدہ باز
مد خرچ	خرچ میں مدد کرنا
مدھر	سریلا، مرغوب
مدھم	دھیما، آہستہ
مڈل چی	غیر معیاری
مرتبان	اچار کا برتن
مردپن	حوصلہ، جرأت مندی
مردامردی	زبردستی
مردوا	بیگانہ فرد
مرزا پھویا	نازک اندام
مرزا چھیلا	چھیل چھبیلا
مرلی	بانسری
مرمرا	بھنے ہوئے چاول
مرن	وقت مرگ
مرنا بھرنا	مصیبت جھیلنا
مروڑ	بل، خم
مرہم پٹی	علاج معالجہ

مرحل	لاغر، ناتواں
مڑ آنا	واپس ہونا
مڑکنا	لوٹنا، چٹکنا
مزدوری لنڈوری	مزدوری کا بھروسا نہیں
مسالا	تیاری کے لوازم
مست مولا	آزاد طبع، بے پروا
مستان	مجذوب
مستانا	مستی پر آنا
مستری	کاریگر
مسٹنڈا	ہٹا کٹا
مسخری	ہنسی مذاق
مسکنا	کپڑے کا ذرا سا کھل جانا
مسکہ لگانا	خوشامد
مسلنا	کچلنا، دبانا
مسکنی صورت	غریب و مسکین
مسی کاجل	سنگھار
مسیں بھیگنا	مونچھ کا نکلنا
مشکلوں سے	دشواری سے
مصیبت مارا	مصیبت زدہ
مطلب نکالنا	غرض پوری کرنا
مطلبیا	خود غرض
معاملہ باندھنا	دستور مقرر کرنا
معمولی بات	ادنا بات
مفلسی میں آٹا گیلا	محتاجی میں نقصان
مقدر آزمائی	نصیبے کا امتحان
مقدر کا ہیٹا	بدنصیب
مقدور بھر	ممکنہ
مک مکا	باہمی لین دین سے مسئلہ حل کرنا
مکر چکر	دھوکا دہی
مکرنا	اقرار سے انکار
مکری	مکار
مکرائی	سرتابی، سرکشی
مکھڑا	گیت کا مطلع، چہرہ
مکھنڈ	عقل مند
مکھیا	سرغنہ، سرگروہ
مگن	بے خود، غرق
مگھم	مبہم، گول مول

مگھم بات پہیلی ایسی بس وہی بوجھے جس کو بجھائے
بھید نہ پائے تو گھبرائے بھید جو پائے تو گھبرائے

آرزو لکھنوی

ملاپ	میل جول
ملاپ دار	ملاقاتی
ملا جلا	مخلوط
ملا ڈلا	تسلا ہوا
ملان	اتفاق، اتحاد
ملاوٹ	آمیزش، کھوٹ
مل بانٹ کے	نفع میں اتفاق
مل بیٹھنا	ہم نشینی
مل گرے	ساتھی
ملبا	کوڑا کرکٹ
ملتا جلتا	مانند
ملگجا	میلا، غبار آلود
ملساہٹ	اُداس
ملنسار	خلیق، خوش اخلاق
ملنا دلنا	مالش
ملّو	جی حضوری کا عادی
ملولا	پچھتاوا، ملال
ملیامیٹ	پامال
ملی بھگت	سازش
ملیدہ	روٹی کے چورے میں گھی اور شکر کی آمیزش
مَن بھاتا	دل پسند
مَن بھاونا	مرغوب
مَن بھر	خاطر خواہ
منچلا	سورما، نڈر
مَن موجی	آزاد طبع
مَن موہن	دلربا
مناجاتی	مناجات کرنے والا
منّت	نذر، نیاز کی نیت
منتر جنتر	جادو ٹونا
منجھیلا	اختلاف، جھگڑا
مندا	ہلکا، دھیما
مندی	کساد بازاری
مُنڈا	لڑکا
منڈپ	شادی کا آراستہ مقام
منڈف	شامیانہ
منڈل	احاطہ، گھیرا
منڈی	تھوک فروشی کی جگہ، بازار
منڈیر	ذرا سی دیوار اٹھا کر حد بنانا
منطقیا	عالم منطق
منگتا	بھکاری

مُن منانا	ناک سے بولنا
منہ اٹھائے جانا	بے دھڑک اور بے خوف ہونا

جائے عبرت ہے خاک دانِ جہاں
تو کہاں منہ اٹھائے جاتا ہے
میر تقی میر

منہ بھرائی	رشوت
منہ توڑ جواب	بے باک جواب
منہ فق ہونا	گھبرا جانا
منہ کالا	بد کردار، رسوا
منہ ماری	اورل سیکس
مُوا	نامراد
موتی	گوہر، دُر
موٹی سمجھ	بھدی سمجھ
موٹی بات	سیدھی بات
موٹی گالی	فحش ترین
موجی بندہ	خوش مزاج
موچ	لچک، کجی
مُوچنا	بند کرنا
مور	ماں
مُورت	بت، صورت
مورچا	محاذ جنگ
مُورکھ	نادان
موڑ	راستے کا مڑنا
موڑ توڑ	پیچ و خم
مُوگرا	موتیا
مول	بھاؤ، دام
موہ لینا	لُبھانا
موہے	مجھ کو
مویشی	جانور
مُہرا	نشانہ، زد
مہکار	خوشبو
مہنگا	گراں، قیمتی
مہین	نازک، کومل
میاشت	رویت ہلال
میاں	مالک، سرکار
میاں جی	رئیس
میاں صاحب	پیرو مرشد
میت	عاشق، مفتون
میٹھا آدمی	بردبار، حلیم

میٹھی بولی	شیریں زبان
میرا ماتھا جب ہی ٹھنکا	پہلے سے تاڑ جانا

برابر بیٹھنے والے بھی کتنے دور تھے دل سے
میرا ماتھا جبھی ٹھنکا فریب رنگ محفل سے
یگانہ چنگیزی

میکا	زوجہ کے والدین کا گھر
میل جول	ملنا جلنا
میل	کیچ، کدورت
میل خورا	میل چھپانے والا
میل کچیل	گندگی
میلا ٹھیلا	سیر و تماشا
میں میں	خودستائی

ن

ناپ تول	پیمائش
ناتا	رشتہ
ناٹا	پستہ قد
نازکی	خوبی، عمدگی

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
میر تقی میر

ناکا	راستے کی حد
ناکا بندی	حد بندی
نال نکالنا	قمار خانے کے مالک کی مقررہ رقم
نباہنا	انجام تک پہنچانا
نباہو	نباہنے والا
نبٹنا	بے باق ہونا
نبھاؤ	گزارا
نپا تلا	مقررہ
نتھی	جوڑنا
نٹ کھٹ	شوخ
نچا کھچا	نوچا کھسوٹا
نچان	نشیب، پستی
نچوڑنا	ٹپکنا
نچلا	چپ چاپ، خاموش
نچھاور	وارنا
نرمل	بے داغ

نرا	سراسر، خالص
نرت	رقص
نرخ بندی	مقررہ قیمت
نرم گرم	برا بھلا
نرمائی	ملائمت، آہستگی
نفاقیا	دوغلا، منافق
نفری	تعداد
نفسا نفسی	خود غرضی
نقدا نقد	ہاتھوں ہاتھ
نقلی	جعلی، مصنوعی
نقلیا	نقال، بھانڈ
نکٹا	بے غیرت
نکا	چھوٹا
نکالا	شہر بدر، اخراج
نکتے نکالنا	عیب جوئی
نکو	نہیں بالکل نہیں
نکیلا	نوک دار، بانکا
نکھار	اُجلا پن
نکھٹو	ناکارہ، نکما
نگ	عدد، تعداد
نگوڑا	نامراد، محتاج
نمانا	کمزور
نمبری	بدمعاش
نمٹانا	چکانا، بھگتانا
نموری	نامی گرامی
نمونہ	بے وقوف، عجیب
نمونہ گیری	انجان بننا
ننا بننا	انجان اور ناواقف
ننگ دھڑنگ	قلاش
ننگا چنگا	بے حیا، بے لحاظ
نوٹنکی	ناچ تماشا
نولکھا ہار	قیمتی ہار
نوابی ٹھاٹھ	رئیسانہ طور طریق
نوابی	امیرانہ رہن سہن
نواڑ	پلنگ کی رسی
نوازنا	عنایت کرنا
نوانا	نیچا کرنا، جھکانا
نوچ ناچ	پریشان کرنا
نوسرباز	فریبی
نوک پلک	موزونیت

نوک جھوک	تکرار، چھیڑ چھاڑ
نوکیں کرنا	چشمک
نویلا	جدید، تازہ
نہ سہی	کوئی مضائقہ نہیں
نہ لینا نہ دینا	حاصل نہ حصول
نہ ہوا پر نہ ہوا	کسی طور سے نہ ہوا

نہ ہوا پر نہ ہوا میرؔ کا انداز نصیب
ذوقؔ یاروں نے بہت زور غزل میں مارا

ذوق

نہتا	خالی ہاتھ
نہیں تو	وگرنہ
نہیں نہیں	ہرگز نہیں
نئی پود	نئی نسل
نئی چال	نئی شرارت
نئی روشنی	جدید تمدن
نئی سوجھی	انوکھی بات
نئی کھیپ	نیا مال
نئی ہوئی	انہونی
نئے سوانگ	نیا روپ
نیا	نانی
نیا روگ	تازہ فتنہ
نیارا	انوکھا، مختلف
نیبو نچوڑ	مفت خورہ
نیت بھر جانا	طبیعت کا سیر ہونا

نیت شوق بھر نہ جائے کہیں
تو بھی دل سے اتر نہ جائے کہیں

ناصر کاظمی

نیت شب حرام	رات کے ارادے میں خلل
نیچ	سفلہ، رذیل
نیچا اونچا	نشیب و فراز
نیچا پڑنا	مغلوب ہونا
نیچو	لفظ نیچے کا تلفظی بگاڑ
نیچے اوپر	ایک پر ایک
نیڑے	پاس
نیستی چھانا	نحوست ہونا
نیکا	داوا
نیلا پیلا	گنڈہ
نین متی	بات بات پر رونا
نیو	بنیاد

و

واب	گم صم
واٹ لگانا	نقصان پہنچانا، پریشان کرنا
واجا	کلمۂ مخاطبت
وار	ضرب، حملہ
وارپار	آرپار
وار پھیر	صدقہ
وارا	بچت، فائدہ
وارانیارا	دو ٹوک فیصلہ
واران پھیرن	نچھاور کرنا
وارنا	بھینٹ دینا
واری	نثار، قربان
واڑ	احاطہ
وادورے میں	میری کیا بات ہے
واہوا	کلمۂ تحسین
واہی تباہی	فضول، لغو
وائے	کلمۂ افسوس
وچن	عہد و پیماں
وَت	اُمس، برسات کا حبس
وخت	وقت
وڈیرا	جاگیردار
ورغلانا	بہکانا، بھڑکانا
ورگوڑا	افراتفری
وَرے	نزدیک، پاس، قریب
وزنہ	ویپرویٹ
وِس	اس
وسواسی	وہمی، شکی
وعدہ وعید	لیت و لعل، حیلہ حوالہ
وقت بوقت	وقتاً فوقتاً
وقت پڑنا	مصیبت پڑنا
وقت تاکنا	موقع کی تلاش
وقت ناوقت	موقع بے موقع
وقتاً فوقتاً	کبھی کبھی، گاہ بہ گاہ
وکھرا	مختلف، منفرد
وکھری ٹیپ	دوسروں سے الگ
وُوں ہی	فوراً
وہ کچھ	بہت کچھ
وہ وہ	ایسا ایسا

وہنی — دلہن
وہی ہم وہی تم — پرانی جان پہچان
ویر — بھائی، بہادر
ویسا کا ویسا — جوں کا توں
ویہڑا — صحن

ہ

ہا — حرف افسوس
ہاتھ پاؤں سے چھوٹنا — زچگی سے فراغت
ہاتھا پائی — مارکٹائی
ہاتھوں آنا — نہایت کمزور ہو جانا
ہار — شکست، موتیوں کی مالا
ہار سنگھار — زیب و زینت
ہارس ٹریڈنگ — وفاداری کی خرید و فروخت
ہالا ڈولا — بھونچال
ہالی موالی — متعلقین
ہامی بھرنا — اقرار کرنا
ہانڈی وال — جگری دوست
ہانی — ساتھی، ہم سن
ہاں جی ہاں جی — ہاں میں ہاں ملانا
ہاں ہوں — اقرار، ٹال مٹول
ہانک — پکار
ہاؤ ہاؤ کرنا — عجلت کرنا
ہاہا ٹھی ٹھی — ہنسی مذاق
ہاہا کار — اضطراب
ہائے غضب — کلمۂ فجائیہ، ستم ہو گیا
ہائے ہائے — آہ و زاری
ہائیں — کلمۂ حیرت
ہبڑ دبڑ — جلدی جلدی
ہبہ کرنا — بخشنا، وقف کر دینا
ہپا جڑنا — لقمہ ملنا
ہپڑ ہپڑ — جلدی جلدی کھانا
ہپ ہپانا — ہانپنا
ہت تیرے کی — ہٹ پرے
ہت دُھلیہ — واش بیسن
ہتوڑی — کوٹنے کا ذریعہ
ہتھ پھیری — مساس، دست برد
ہتھ چھٹ — ذرا سی بات پر مارنا

ہتھکنڈا	عیاری، چالاکی
ہتھیانا	بالجبر قبضہ
ہٹ	ضد، اصرار
ہٹا کٹا	موٹا تازہ
ہٹ پٹانا	مضطرب ہونا
ہٹیلا	اڑیل، ضدی
ہجوڑا	ہجو کرنے والا
ہچر مچر	ہچکچاہٹ
ہچکولا	دھچکا، جھٹکا
ہر دیگی چمچہ	ہرجائی
ہر فن مولا	ہر فن طاق
ہُر ہو جانا	غائب ہونا
ہرا بھرا	زرخیز، بار آور
ہر پھر کے	مجبوراً
ہرتے پھرتے	آتے جاتے
ہرج	خلل، نقصان
ہرجانہ	تاوان
ہر دو برو	بلاوجہ؛ بار بار
ہری جھنڈی دکھانا	کام نہ آنا، ٹرخانا

ہریالا	سرسبز، خوبصورت
ہڑواڑ	خاندانی قبرستان
ہڑبڑانا	بوکھلانا
ہڑبونگ	ہلچل، کھلبلی
ہڑپ	کھا جانا، غبن
ہڑتال	مطالبات کے لیے کام بند کرنا
ہزاری بزاری	اعلیٰ و ادنیٰ
ہسا	ہنسنا
ہُش	جانور کو دھتکارنے کی آواز
ہفتہ	غنڈہ ٹیکس
ہکا بکا	حواس باختہ
ہکلانا	لکنت
ہل جل	موبائل فون کا وائبریشن پر رکھنا
ہلا	دھاوا، چڑھائی
ہلا گلا	تفریح
ہلچل	بھاگڑ، کھلبلی
ہلدی تھوپنا	چوٹ پر ہلدی لگانا
ہلدی لگے نہ پھٹکری	بغیر خرچ کام نکل آئے
ہلڑ	غل غپاڑہ، ہنگامہ

ہلکا	سبک، خفیف
ہلکا پھلکا	کم وزن، نازک
ہلکا ہاتھ رکھنا	رعایت کرنا
ہلکا ہونا	جماع، مباشرت
ہلکان	مضمحل، تھکا ماندہ
ہلکٹ	کمینہ، گھٹیا
ہماتی	برابری، مقابلہ
ہماشما	ہم تم، چھوٹے بڑے
ہمامی	خود پسندی
ہمکارا	ہاں ہوں کرنا، اقرار
ہمیں	ضمیر متکلم، ہم کو
ہُن	دولت
ہنجھو	آنسو
ہند ستوڑا	مہاجر
ہنڈی کی چندی	نکتہ چینی
ہنڈا پھوڑنا	راز فاش کرنا
ہنڈولنا	گہوارہ
ہنڈی	ساہوکار کے ذریعہ روپیہ بھیجنا
ہنر کی پوٹ	ہنر مند

ہنسائی	تضحیک
ہنستی پیشانی	خندہ روئی
ہنستے بولتے	باتوں باتوں میں
ہو کا عالم	سنسان، ویران
ہو چکا	نہیں ہونے کا
ہو سکنا	امکان
ہو نہ ہو	یقیناً
ہوا اکھڑ جانا	بھرم کا زائل ہونا
ہوا میں گرہ لگانا	ناممکن کام کرنا
ہوا کھاؤ	چلتے بنو
ہوا سو ہوا	جانے دو خیال نہ کرو

جو گذری مجھ پہ مت اس سے کہو ہوا سو ہوا
بلا کشانِ محبت پہ جو ہوا سو ہوا

سودا

ہوا ہوا	ہو چکا
ہواں	وہاں
ہوتا سوتا	رشتہ دار
ہوتے ہوتے	رفتہ رفتہ
ہوڑا ہوڑی	بھاگم بھاگ

ک	کراہ

کالی گھٹا میں کوندا لپکا روکے جو کویل کوک گئی
حتی گہری سانس کھنچی تھی اتنی لمبی ہوک گئی

آرزو لکھنوی

کا	بے انتہا خواہش
ہول اٹھنا	گھبراہٹ ہونا
ہولا	بوکھلایا ہوا
ہولے ہولے	آہستہ آہستہ
ہونا نہ ہونا	عدم و وجود
ہوتا ہواتا	سرزد ہونا
ہونی	قسمت کا لکھا
ہوں کرنا	رضامندی ظاہر کرنا
ہوہا	شور و غل
ہئی	ہے ہی
ہی	کلمہ خود تاکید، محض، ضرور
ہے	ہونا سے مشتق، حاضر، موجود
ہے ہے	کلمہ تاسف، افسوس
ہیاں	یہاں
ہیٹا پن	اونا کم درجے کا
ہیٹی	ذلت، سبکی
ہیر	رانجھا کی محبوبہ
ہیرا آدمی	سچا اور کھرا
ہیرا پھیری	اونچ نیچ، مکر و فریب
ہیرا منڈی	بازار حسن، قحبہ خانہ
ہیرونچی	نشے کا عادی
ہیرے پھیرے	بار بار آنا جانا
ہیکڑ	خود سر
ہیگا	موجود ہے
ہیل میل	ربط ضبط
ہیں ہیں	خبردار
ہی ہی	نامناسب ہنسی

ی

یا اِدھر یا اُدھر	ایک طرف ہو
یا دوست	فقیروں کی صدا، یا خدا
یا شیخ اپنی اپنی دیکھ	نفسا نفسی
یا ہو	اے خدا
یاد اللہ	جان پہچان ہونا

یاد کیا ہے	بلایا ہے
یاد ہو کہ نہ یاد ہو	بھولے تو نہیں

وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہی یعنی وعدہ نباہ کا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

مومن

یار	آشنا
یار کرنا	آشنائی، شناسائی
یار مار	محسن کش
یاروں کا یار	اچھا دوست
یاری لگانا	ناجائز تعلقات
یاں	یہاں کا مخفف، صرف شعر میں جائز
یاں تک	یہاں تک
یرکانا	ڈرانا، رعب جمانا
یوں بھی	اسی طرح
یونہی سہی	ہم خوش
یہ جا وہ جا	فوراً بھاگ گیا
یہ کیا کیا	برا کیا
یہ نہ وہ	کوئی بھی نہیں
یہی سہی	یوں ہی سہی
یہی نا	صرف اتنی سی بات
یہیں کہیں	اسی جگہ کسی مقام پر

اکتسابیات

فرہنگ آصفیہ سید احمد دہلوی

مہذب اللغات مہذب لکھنؤی

نسیم اللغات نسیم امروہوی

عورت اور اردو زبان وحیدہ نسیم

اردو کی اولین سلینگ ڈاکٹر رؤف

شخصی ماخذات

ڈاکٹر اختر بلوچ (وائس چانسلر بے نظیر بھٹو شہید یونیورسٹی، لیاری کراچی)

ڈاکٹر محمد اسحاق پراچہ (نوشہرہ)

ڈاکٹر شاہد ضمیر (اردو ڈکشنری بورڈ، کراچی)

ڈاکٹر خورشید عبداللہ (کراچی)

پروفیسر زبیر احمد (لاہور)

پروفیسر محمد بلال ملک (چکوال)

عامر ریاض (ریڈنگز، لاہور)

نصیر ترابی کی مطبوعات

- عکسِ فریادی – شعری مجموعہ (۲۰۰۰ء)
- شعریات – ادبی ذوق کی آبیاری کے لیے (۲۰۱۳ء)
- لاریب – شعری مجموعہ (۲۰۱۷ء)

علامہ اقبال ادبی ایوارڈ یافتہ ۲۰۱۹ء ، اکادمی ادبیات، پاکستان

- عکس در عکس – شعری مجموعہ (زیرِ طباعت)
- تاریخ طرازی – تاریخ گوئی کی اعانت میں ہائے تاریخ کا مجموعہ (زیرِ ترتیب)